قرن اول میں اسرائیلیات کا فروغ

جز اول

مرویات کعب احبار

از

ابو شہر یار

۲۰۲۰

www.islamic-belief.net

فہرست

پیش لفظ ... 5
اسرائیلیات کا طریقہ روایت ... 12
دانیال سے منسوب کتب فتن ... 17
کتاب کعب الاحبار ... 24
امر خلافت اور عربی تہذیب و تمدن ... 24
عربوں سے متعلق ... 32
عجمیوں سے متعلق نصیحت ... 32
موالی کا راج آئے گا ... 34
منگول عراق میں ... 34
عثمان رضی اللہ عنہ سے متعلق ... 36
عمر رضی اللہ عنہ سے متعلق ... 37
علی رضی اللہ عنہ سے متعلق ... 40
معاویہ رضی اللہ عنہ سے متعلق ... 42
اہل شام کی فضیلت ... 45
اہل شام میں فتنوں کا ظہور ... 48
چیونٹی کی طرح چھپ جانا ... 49
بنو عباس کی حکومت ... 50
تارہ کا طلوع ہونا ... 50

51 ....کالے جھنڈے
52 ....بنو عباس میں اختلاف نمودار ہو گا
53 ....مشرق میں قحط
54 ....مہدی کا ذکر
55 ....مہدی سے قبل
56 ....مہدی کی علامات
59 ....مہدی کے بعد
61 ....غزوہ ہند ، خروج دجال،نزول مسیح
76 ....موسی کوئی اور تھے
77 ....سجین کا ذکر
84 ....صخرہ یروشلم کی فضیلت
92 ....خواب سے متعلق
92 ....صفت النبی پر کلام
96 ....جنتی زمینی نہریں
96 ....ادریس (ع) سے متعلق
98 ....سحر کا ذکر
99 ....محشر کا ذکر
101 ....عمر رضی اللہ عنہ کی خفگی
104 ....کعب سے روایت کرنے والے
104 ....تُبَيْعُ بنُ عَامِرٍ الحِمْيَرِيُّ الحَبْرُ
104 ....حبيب بن عبيد الرحبى ، أبو حفص الشامى الحمصى
104 ....شريح بن عبيد الحضرمي الشامي

105 ....صفوان بن عمرو السكسكي الحِمْصِيُّ
105 .... عبد الله بن دينار
105 ....عروة بن رويم اللخمى ، أبو القاسم الشامى الأردنى المتوفى ١٣٥ هـ
105 ....عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بِشْرٍ الْخَثْعَمِيِّ
105 .... كريب بْن أبرهة
106 ....مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ السِّنْدِيِّ
106 ....مَطَرٍ مَوْلَى أُمِّ حَكِيمٍ
106 ....نَوْفٌ الْبِكَالِيَّ
106 .... يَزِيدَ بْنِ الْوَلِيدِ الْخُزَاعِيِّ
106 ....يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ الْيَزَنِيّ لا الرَّحْبِيُّ
107 ....يعْفُرَ بْنَ حُمْرَةَ
107 .... أَبِي زِيَادٍ
107 ....أَبِي الْعَوَّامِ

بسم اللہ الرحمان الرحیم

پیش لفظ

جزیرہ العرب میں موجود بہت سے نصرانی اور یہودی مسلمان ہوئے – یہ لوگ توریت و انجیل و زبور کو پڑھنے والے لوگ تھے اور اس کا قرآن سے تقابل بھی کرتے رہتے تھے

کچھ ان میں اصحاب رسول تھے مثلا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اور عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ جو سابقہ یہودی تھے – ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سابقہ نصرانی تھے – صہیب رومی رضی اللہ عنہ کو مجوسیوں نے غلام بنا لیا تھا ان کا کہنا تھا کہ وہ رومن ہیں اور عراق میں ہرقل کے علاقے پر مجوسیوں نے حملہ کیا تو ان کو غلام بنایا گیا

کچھ اہل کتاب دور ابو بکر یا عمر رضی اللہ عنہ میں یمن سے مدینہ آئے ان میں کعب الاحبار مشہور ہیں – کعب شام منتقل ہوئے اور دور عثمان رضی اللہ عنہ میں وہیں انتقال کر گئے- البتہ ان کے اقوال نو مسلم لوگوں نے لئے جو بعد میں ان کو احادیث رسول کی طرح بیان کرتے رہے- کعب احبار کے بہت سے اقوال شام سے متعلق تھے جہاں یہود و نصاری کی ایک کثیر تعداد رہتی تھی

کچھ دور عثمان رضی اللہ عنہ میں یمن سے مدینہ آئے ان میں مشہور عبد اللہ ابن سبا ہے جو یہودی صوفی تھا- اہل تشیع کے حلقوں میں اس کی روایات چل گئیں- اہل تشیع کی کتب میں روایات میں ملتا ہے کہ ائمہ اہل تشیع جب کوئی خاص دعا کرنا چاہتے تو عربی کی بجائے عبرانی میں کرتے تھے – اس قسم کی روایات یمن سے کوفہ منتقل ہونے والے راوی بیان کرتے ہیں-

کچھ معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں مدینہ آئے ان میں مشہور وھب بن منبہ ہیں جنہوں نے صرف ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث لینا پسند کیا جبکہ متعدد اصحاب رسول اس وقت حیات تھے – اور پھر انہوں نے اپنی کتب چھپا کر رکھیں اور یمن میں بھی صرف تین رشتہ

داروں و دوستوں کو یہ احادیث دیکھائیں- ان کی روایات تین علاقوں یمن حجاز اور سوڈان میں سنی گئیں

کچھ تابعین مثلا مجاہد، السدی، وغیرہ کو بھی اسرئیلایات بیان کرنے کا شوق تھا

اس کتاب کا موضوع ابو اسحاق كعب بن ماتع بن ذي هجن الحميري، المعروف کعب احبار المتوفی ٣٤ ھ یا ٣٢ ھ کی مرویات ہیں[1] - کعب یمن کے ایک یہودی تھے – ان کا تعلق یمن میں قبیلہ آل ذي رعين یا کہا جاتا ہے ذي كلاع میں سے ہے- کہا جاتا ابو بکر یا عمر رضی الله عنہم کے دور میں ایمان لائے اور مدینہ کی بجائے شام میں جا رکے - امام احمد کی العلل کے مطابق

سمعته وَذكر كَعْب الْأَحْبَار فَقَالَ من أهل حمص أسلم على عهد عمر وَهُوَ من حمير

کعب اہل حمص میں سے ہے ، عمر کے دور میں ایمان لایا حمیر یمن سے ہے

اس کے برعکس حاجي خليفة کا قول ہے کہ یہ دور عثمان رضی الله عنہ میں ایمان لائے

طبقات ابن سعد میں ہے

أخرج ابن سعد من طريق علي بن زيد بن جدعان، عن سعيد بن المسيّب، قال: قال العبّاس لكعب: ما منعك أن تسلم في عهد النبي صلّى اللَّه عليه وآله وسلم وأبي بكر حتى أسلمت في خلافة عمر؟ قال: إنّ أبي كتب كتابا.

1

وفات سن ٣٢ ھ میں ہوئی یہ ابن سعد ، ابن قتیبہ ، ابن حبان کا الثقات میں اور نووی کا قول ہے
وفات سن ٣٣ میں ہوئی یہ ابو زرعہ دمشقی اور ابن عساکر کا قول ہے
وفات سن ٣٤ ھ میں ہوئی یہ ابن معین ، ابو نعیم ، ابن عبد البر ، ابن ابی حاتم ، ابن حبان کا مشاهير میں ، ابن اثیر کا قول ہے
ابن العماد حنبلی کے مطابق سن ٣٥ ھ ہے
خلیفہ بن خیاط کے مطابق کعب کی وفات سن ٦٢ یا ٦٣ ھ میں ہوئی ہے - یہ غلطی ہے

ابن مسیب نے بیان کیا کہ ابن عباس نے کعب سے پوچھا کہ تم دور نبوی میں ایمان کیوں نہ لائے ؟ کعب نے جواب دیا میرا باپ کتاب لکھ رہا تھا

کعب کا مقصد ہے کہ ان کا باپ ان سے لکھواتا رہا اور اغلبا اس کی موت تک وہ تقیہ اختیار کر گئے پھر جب وہ مر گیا تو ایمان لائے - بعض لوگوں نے افراط کا مظاہرہ بھی کیا ہے مثلا رشید رضا نے المنار (747/10/28) میں لکھا

وقد حققنا من قبل أن كعب الأحبار من زنادقة اليهود

ہم نے واضح کیا کہ کعب احبار زندیق یہودی ہے

اسرائیلایات کی دین میں اجازت ہے- قرآن میں ہے کہ اہل ذکر سے سوال کرو اگر نہیں معلوم
-حنبلی عالم ابن عقیل خبر واحد پر کتاب الفنون ص ٦٦٣ اور ٦٣٨ میں کہتے ہیں

٦٣٧

كتاب الفنون

وَلَرُبَّ بَـاكِيَةٍ عَلَيَّ بِ غَنَاؤُهَـا عَنِّي قَلِيلْ

600

كان قد استدلّ حنبليّ على أنّ خبر الواحد يوجب العلم ، وتثبت به الاعتقادات ، بثلاث آيات : ﴿قُلْ كَفَى بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ﴾ ، وقوله ﴿أَوَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ آيَةً أَنْ يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ﴾ ؛ وقوله ﴿فَإِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ مِمَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكَ﴾ . والمراد بمن أشار إليهم من أسلم وصدّقه ؛ وهم كعب الأحبار ، ووهب بن منبّه ، وعبدالله بن سَلَام ، ومن أسلم . وجميعهم إنّما هم آحاد ، لا يرتقون عن الآحاد . وقد عوّل عليهم ، وردّ إليهم في أصل عظيم ؛ وهو ذكره صلّعم في التوراة بعلامات الرسالة ودلائل النبوّة ، وشهادة التوراة له بذلك .

حنبلی (یعنی ابن عقیل) نے استدلال کیا کہ خبر واحد سے علم واجب ہے اور اعتقادات کا اثبات ہوتا ہے اس پر تین آیات ہیں

قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِندَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ سوره ألرعد

کہو میرے اور تمہارے درمیان الله کی شہادت کافی ہے اور وہ جس کے پاس کتاب کا علم ہے

اور الله کا قول ہے

سوره الشعراء أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً أَن يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ

کیا ان کے لئے نشانی نہیں ہے کہ اسے بنی اسرائیل کے علماء بھی جانتے ہیں

فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ فَاسْأَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكَ سوره يونس

تو اگر ان کو شک ہے جو نازل ہوا ہے تمہاری طرف تو ان سے سوال کرو جن پر تم سے پہلے کتاب نازل ہوئی

اور مراد ہے اور اشارہ ہے ان کی طرف جو اسلام لائے اور تصدیق کی اور ان میں ہیں کعب احبار اور وھب بن منبہ اور عبد الله بن سلام اور جو اسلام لائے اور یہ تمام احاد ہیں احاد سے اوپر نہیں جا سکتے

اہل ذکر سے سوال کرنا یا دلیل لینا نہ تو فتن میں جائز ہے نہ جنت و جہنم کے حوالے سے درست ہے - ان سے دلیل متشابھات میں نہیں لی جا سکتی – جو دلیل لی جا سکتی ہے وہ انبیاء کے عمل کے حوالے سے ہے - قابل غور ہے کہ ابن عباس کو اس صنف سے خاص چڑ تھی اور یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کو قول النبی نہیں پہنچا ہو گا جو بعض صحابہ نے بیان کیا

كتاب السنة از أبو بكر بن أبي عاصم وهو أحمد بن عمرو بن الضحاك بن مخلد الشيباني (المتوفى: 287ھ) کے مطابق

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى ثنا ابْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عن ابن طاووس عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَ رَجُلٌ بِحَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ فَانْتَفَضَ: قال ابن عباس ما بال هؤلاء يجدّون (يحيدون) عند محكمه ويهلكون عند متشابهه

طاؤس نے بیان کیا کہ ایک شخص نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ا حدیث بیان کی تو ابن عباس نے کہا ان کو کیا ہو گیا ہے محکمات کو چھوڑ متشابھات کی طرف جا رہے ہیں

البانی کے مطابق اغلبا الفاظ یحیدون ہیں اور یجدّون غیر محفوظ ہیں

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا یحیدون جھٹک دو (رد کرو) جب کوئی شخص ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث روایت کرے – ابن عباس نے کہا ان جیسوں کو کیا ہوا ہے کہ محکمات سے ہٹ گئے اور متشابہات سے ہلاک ہوئے

ابن عباس رضی اللہ عنہ دیکھ رہے تھے کہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دی گئی اجازت کا لوگ صحیح استعمال نہیں کر رہے بلکہ متشابہات بھی بیان کر رہے ہیں جن کی تصدیق قرآن و حدیث سے ممکن نہیں ہے - اسرائیلایات کو خطبوں میں بھی بیان کیا جا رہا تھا[2]

2

تاریخ طبری میں ہے
حدثني محمد ابن أَبِي مَنْصُورٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ وَاصِلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ: بَيْنَا ابْنُ عَبَّاسٍ ذَاتَ يَوْمٍ جَالِسٌ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يا بن عَبَّاسٍ، سَمِعْتُ الْعَجَبَ مِنْ كَعْبٍ الْحَبْرِ يَذْكُرُ فِي الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ قَالَ: وَكَانَ مُتَّكِئًا فَاحْتَفَزَ ثُمَّ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: زَعَمَ أَنَّهُ يُجَاءُ بِالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَنَّهُمَا ثَوْرَانِ عَقِيرَانِ، فَيُقْذَفَانِ فِي جَهَنَّمَ قَالَ عِكْرِمَةُ: فَطَارَتْ مِنَ ابْنِ عَبَّاسٍ شِقَّةٌ وَوَقَعَتْ أُخْرَى غَضَبًا، ثُمَّ قَالَ: كَذَبَ كَعْبٌ! كَذَبَ كَعْبٌ! ثَلاثَ مَرَّاتٍ، بَلْ هَذِهِ يَهُودِيَّةٌ يُرِيدُ إِدْخَالَهَا فِي الإِسْلامِ
مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ نے کہا ابن عباس کے پاس ایک شخص آیا اور ان کو بتایا کہ کعب احبار نے سورج چاند سے متعلق عجیب روایت بیان کی ... ابن عباس نے سن کر کہا جھوٹ جھوٹ جھوٹ کعب نے بولا یہ یہودی اسلام میں ادخال کر رہا ہے
صحيح وضعيف تاريخ الطبري از محمد بن طاهر البرزنجي میں ہے کہ سند میں متروک ہیں اور روایت گھڑی ہوئی ہے
هذا إسناد تالف فخلف بن واصل وعمر بن صبح كلاهما متهمان بوضع الحديث والكذب والله أعلم. وانظر الخبر الذي يليه.

ابو ہریرہ ، عبد اللہ، أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہما کی حدیث - سنن ابو داود، صحیح بخاری میں ہے	ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول صحیح بخاری
حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "حَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَا حَرَجَ". ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بنی اسرائیل سے روایت کرو، اس میں کوئی مضائقہ نہیں"۔ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، أَخْبَرَنَا الأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي كَبْشَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً، وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلاَ حَرَجَ عبد اللہ بن عمرو نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنی اسرائیل سے روایت کرو اس میں حرج نہیں ہے	حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ ، عَنعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، كَيْفَ تَسْأَلُونَ أَهْلَ الْكِتَابِ، وَكِتَابُكُمُ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْدَثُ الْأَخْبَارِ بِاللَّهِ تَقْرَءُونَهُ لَمْ يُشَبْ، وَقَدْ حَدَّثَكُمُ اللَّهُ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ بَدَّلُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ، وَغَيَّرُوا بِأَيْدِيهِمُ الْكِتَابَ، فَقَالُوا: هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ، لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا، أَفَلَا يَنْهَاكُمْ مَا جَاءَكُمْ مِنَ الْعِلْمِ عَنْ مُسَاءَلَتِهِمْ، وَلَا وَاللَّهِ مَا رَأَيْنَا مِنْهُمْ رَجُلًا قَطُّ يَسْأَلُكُمْ عَنِ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَيْكُمْ". ہم سے یحییٰ بن بکیر نے بیان کیا، کہا ہم سے لیث نے بیان کیا، یونس سے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا، اے مسلمانو! اہل کتاب سے کیوں سوالات کرتے ہو۔ حالانکہ تمہاری کتاب جو تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے سب سے بعد میں نازل ہوئی ہے۔ تم اسے پڑھتے ہو اور اس میں کسی قسم کی آمیزش بھی نہیں ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ تو تمہیں پہلے ہی بتا چکا ہے کہ اہل کتاب نے اس کتاب کو بدل دیا، جو اللہ تعالیٰ نے انہیں دی تھی اور خود ہی اس میں تغیر کر دیا اور پھر کہنے لگے یہ کتاب اللہ کی طرف سے ہے۔ ان کا مقصد اس سے صرف یہ تھا کہ اس

	طرح تھوڑی پونجی (دنیا کی) حاصل کر سکیں پس کیا جو علم (قرآن) تمہارے پاس آیا ہے وہ تم کو ان (اہل کتاب سے پوچھنے کو نہیں روکتا۔ اللہ کی قسم! ہم نے ان کے کسی آدمی کو کبھی نہیں دیکھا کہ وہ ان آیات کے متعلق تم سے پوچھتا ہو جو تم پر (تمہارے نبی کے ذریعہ) نازل کی گئی ہیں۔

بہر حال اسرائیلیات کو الگ سے نہیں لکھا گیا بلکہ احادیث رسول و اقوال صحابہ کے ساتھ ہی کتب احادیث میں درج کیا گیا ہے – راقم نے ویب سائٹ اسلامک بیلف پر متعدد مقام پر اسرائیلیات کا ذکر کیا ہے – یہاں اس کتاب میں کعب احبار کی مرویات کو جمع کیا گیا ہے –

اس کتاب میں کعب احبار سے منسوب روایات آئیں گی جو سن ۳٤ ھ کے بعد کے واقعات پر مشتمل ہیں - ظاہر ہے کعب کا نام لے کر لوگوں نے جھوٹ بھی بہت بولا ہے – مدعا یہ رہا ہے کہ کعب کے نام پر کیا کیا بولا گیا ہے اس کو جمع کیا جائے ، لہذا ہر سند پر تحقیق پیش نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی کعب سے منسوب تفسیری روایات کو اس کتاب میں جمع کیا گیا ہے - امید ہے یہ کاوش مزید تحقیق کے لئے فائدہ مند ہو گی

ابو شہر یار

۲۰۲۰

اسرائیلیات کا طریقہ روایت

کعب الاحبار یا وهب بن منبہ کا طریقہ کار تھا کہ وہ یہود کی کتاب دیکھتے اس کو اسلامایز کر کے پھر پیش کر دیتے مثلا بائبل کی کتاب حزقی ایل میں لکھا ہے کہ حزقی ایل نے آسمان میں ایک شخص کو دیکھا جو ایک اڑن تخت مرکبہ پر ہے - جس کو چار فرشتوں نے اٹھایا ہوا تھا اور ہر فرشتے کے مزید چار چار منہ تھے - ایک کا منہ بیل جیسا، ایک انسان جیسا، ایک شیر جیسا ،ایک عقاب جیسا تھا- ان کے چار پر تھے، دو سے چہرہ چھپاتے تھے-

حزقی ایل کی کتاب کے مطابق، حزقی ایل کا تعلّق پروہت طبقہ سے تھا - وہ یہودیوں کے اشرفیہ میں سے تھے، جن کو بابلی غلام بنا کر بابل میں لے آئے تھے. دریائے الخابور کے کنارے بابل میں ، تل آبیب میں حزقی ایل نے ایک عجیب مکاشفہ دیکھا. انہوں نے دیکھا کہ ایک بہت عظیم رتھ ہے ، جس کو چاروں جانب فرشتوں نے گھیرا ہوا ہے (حزقیایل باب ۱: ۲۸). اس رتھ کو حزقی ایل مرکبہ بولتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ اس میں نوراور بجلی کی کڑک تھی اور یہ بادلوں میں تھا. وقت کے ساتھ اسی رتھ نے اہمیت اختیار کر لی اور باقاعدہ مرکبہ سرّیت (۱) کے نام سے یہودیوں میں سرّیت و تصوف کا آغاز ہوا جس کو مرکوه سرّیت بھی کہا گیا. اس سرّیت کی ابتدا کا اندازہ ہے کہ ۱۰۰ ق م سے لے کر ۱۰۰۰ ب م تک ہے. گویا یہ طریقۂ کار عیسیٰ علیہ السلام سے ۱۰۰ سال پہلے شروع ہوا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں بھی اس پر عمل ہوتا رہا

(۱)Merkabah Mysticism

حزقی ایل کے مکاشفہ میں مرکبہ پر انسانی شکل میں موجود ایک شخص سارے ملائکہ کو تدبیر عمل دے رہا ہوتا ہے

حزقی ایل

اللہ کے رتھ کی رویا

1 **1-3** جب مَیں یعنی امام حزقی ایل بن بوزی تیس سال کا تھا تو مَیں یہوداہ کے جلاوطنوں کے ساتھ ملکِ بابل کے دریا کبار کے کنارے ٹھہرا ہوا تھا۔ یہویاکین بادشاہ کو جلاوطن ہوئے پانچ سال ہو گئے تھے۔ چوتھے مہینے کے پانچویں دن* آسمان کھل گیا اور اللہ نے مجھ پر مختلف رویائیں ظاہر کیں۔ اُس وقت رب مجھ سے ہم کلام ہوا، اور اُس کا ہاتھ مجھ پر آ ٹھہرا۔

4 رویا میں مَیں نے زبردست آندھی دیکھی جس نے شمال سے آ کر بڑا بادل میرے پاس پہنچایا۔ بادل میں چمکتی دمکتی آگ نظر آئی، اور وہ تیز روشنی سے گھرا ہوا تھا۔ آگ کا مرکز چمک دار دھات کی طرح تمتما رہا تھا۔

5 آگ میں چار جانداروں جیسے چل رہے تھے جن کی شکل وصورت انسانی تھی۔ **6** لیکن ہر ایک کے چار چہرے اور چار پَر تھے۔ **7** اُن کی ٹانگیں انسانوں جیسی سیدھی تھیں، لیکن پاؤں کے تلوے بچھڑوں کے سے کُھر تھے۔ وہ پالش کئے ہوئے پیتل کی طرح جگمگا رہے تھے۔ **8** چاروں کے چہرے اور پَر تھے، اور چاروں پَروں کے نیچے انسانی ہاتھ دکھائی دیئے۔ **9** جاندار اپنے پَروں سے ایک دوسرے کو چھو رہے تھے۔ چلتے وقت مڑنے کی ضرورت نہیں تھی، کیونکہ ہر ایک کے چار چہرے چاروں طرف دیکھتے تھے۔ جب بھی کسی سمت جانا ہوتا تو اُسی سمت کا چہرہ چل پڑتا۔ **10** چاروں کے چہرے ایک جیسے تھے۔ سامنے کا چہرہ انسان کا، دائیں طرف کا چہرہ شیرببر کا، بائیں طرف کا چہرہ بَیل کا اور پیچھے کا چہرہ عقاب کا تھا۔ **11** اُن کے پَر اوپر کی طرف پھیلے ہوئے تھے۔ دو پَر بائیں اور دائیں ہاتھ کے جانداروں سے لگتے تھے، اور دو پَر اُن کے جسموں کو ڈھانپے رکھتے تھے۔ **12** جہاں بھی اللہ کا روح جانا چاہتا تھا وہاں یہ جاندار چل پڑتے۔ اُنہیں مڑنے کی ضرورت نہیں تھی، کیونکہ وہ ہمیشہ اپنے چاروں چہروں میں سے ایک کا رخ اختیار کرتے تھے۔

13 جانداروں کے بیچ میں ایسا لگ رہا تھا جیسے کوئلے دہک رہے ہوں، کہ اُن کے درمیان مشعلیں اِدھر اُدھر چل رہی ہوں۔ جھلملاتی آگ میں سے بجلی بھی چمک کر نکلتی تھی۔ **14** جاندار خود اِتنی تیزی سے اِدھر اُدھر گھوم رہے تھے کہ بادل کی بجلی جیسے نظر آ رہے تھے۔

15 جب مَیں نے غور سے اُن پر نظر ڈالی تو دیکھا کہ ہر ایک جاندار کے پاس پہیہ ہے جو زمین کو چھو رہا ہے۔ **16** لگتا تھا کہ چاروں پہیے پکھراج* سے بنے ہوئے ہیں۔ چاروں ایک جیسے تھے۔ ہر پہیے کے اندر ایک اَور پہیہ زاویۂ قائمہ میں گھوم رہا تھا، **17** اِس لئے وہ مڑے بغیر ہر رخ اختیار کر سکتے تھے۔ **18** اُن کے لمبے چکر خوف ناک تھے، اور چکروں کی ہر جگہ پر آنکھیں ہی آنکھیں تھیں۔ **19** جب چار جاندار چلتے تو چاروں پہیے بھی ساتھ چلتے، جب جاندار زمین سے اُڑتے تو پہیے بھی ساتھ اُڑتے تھے۔ **20** جہاں بھی اللہ کا روح جاتا وہاں جاندار بھی جاتے تھے۔ پہیے بھی اُڑ کر ساتھ ساتھ چلتے تھے، کیونکہ جانداروں کی روح پہیوں میں تھی۔ **21** جب بھی جاندار چلتے تو یہ بھی چلتے، جب رُک جاتے تو یہ بھی رُک جاتے، جب اُڑتے

==============================

تو یہ بھی اُڑتے۔ کیونکہ جانداروں کی روح پہیوں میں تھی۔

22 جانداروں کے سروں کے اوپر گنبد سا پھیلا ہوا تھا جو صاف شفاف بلور جیسی لگ رہا تھا۔ اُسے دیکھ کر انسان گھبرا جاتا تھا۔ 23 چاروں جاندار اِس گنبد کے نیچے تھے، اور ہر ایک اپنے پَروں کو پھیلا کر ایک سے بائیں طرف کے ساتھی اور دوسرے سے دائیں طرف کے ساتھی کو چھو رہا تھا۔ باقی دو پَروں سے وہ اپنے جسم کو ڈھانپے رکھتا تھا۔ 24 چلتے وقت اُن کے پَروں کا شور مجھ تک پہنچا۔ یوں لگ رہا تھا جیسے قریب ہی زبردست آبشار بہہ رہی ہو، کہ قادرِ مطلق کوئی بات فرما رہا ہو، یا کہ کوئی لشکر حرکت میں آ گیا ہو۔ رُکتے وقت وہ اپنے پَروں کو نیچے لٹکنے دیتے تھے۔

کرنا چاہتا ہوں۔" 2 جونہی وہ مجھ سے ہم کلام ہوا تو روح نے مجھ میں آ کر مجھے کھڑا کر دیا۔ پھر مَیں نے آواز کو یہ کہتے ہوئے سنا،

3 "اے آدم زاد، مَیں تجھے اسرائیلیوں کے پاس بھیج رہا ہوں، ایک ایسی سرکش قوم کے پاس جس نے مجھ سے بغاوت کی ہے۔ شروع سے لے کر آج تک وہ اپنے باپ دادا سمیت مجھ سے بے وفا رہے ہیں۔ 4 جن لوگوں کے پاس مَیں تجھے بھیج رہا ہوں وہ بے شرم اور ضدی ہیں۔ اُنہیں وہ کچھ سنا دے جو رب قادرِ مطلق فرماتا ہے۔ 5 خواہ یہ باغی سنیں یا نہ سنیں، وہ ضرور جان لیں گے کہ ہمارے درمیان نبی برپا ہوا ہے۔ 6 اے آدم زاد، اُن سے یا اُن کی باتوں سے مت ڈرنا۔ گو تُو کانٹے دار جھاڑیوں سے گھرا رہے گا

25 پھر گنبد کے اوپر سے آواز سنائی دی، اور جانداروں نے رُک کر اپنے پروں کو لٹکنے دیا۔ 26 مَیں نے دیکھا کہ اُن کے سروں کے اوپر کے گنبد پر سنگِ لاجورد* کا تخت سا نظر آ رہا ہے جس پر کوئی بیٹھا تھا جس کی شکل و صورت انسان کی مانند ہے۔ 27 لیکن کمر سے لے کر سر تک وہ چمک دار دھات کی طرح تمتما رہا تھا، جبکہ کمر سے لے کر پاؤں تک آگ کی مانند بھڑک رہا تھا۔ تیز روشنی اُس کے اردگرد جھلملا رہی تھی۔ 28 اُسے دیکھ کر قوسِ قزح کی وہ آب و تاب یاد آتی تھی جو بارش ہوتے وقت بادل میں دکھائی دیتی ہے۔ یوں رب کا جلال نظر آیا۔ یہ دیکھتے ہی مَیں اوندھے منہ گر گیا۔ اِسی حالت میں کوئی مجھ سے بات کرنے لگا۔

اور تجھے بچھوؤں کے درمیان بسنا پڑے گا تو بھی خوف زدہ نہ ہو۔ نہ اُن کی باتوں سے خوف کھانا، نہ اُن کے رویے سے دہشت کھانا۔ کیونکہ یہ قوم سرکش ہے۔ 7 خواہ یہ سنیں یا نہ سنیں لازم ہے کہ تُو میرے پیغامات اُنہیں سنائے۔ کیونکہ وہ باغی ہی ہیں۔ 8 اے آدم زاد، جب مَیں تجھ سے ہم کلام ہوں گا تو دھیان دے اور اِس سرکش قوم کی طرح بغاوت مت کرنا۔ اپنے منہ کو کھول کر وہ کچھ کھا جو مَیں تجھے کھلاتا ہوں۔"

9 تب ایک ہاتھ میری طرف بڑھا ہوا نظر آیا جس میں طومار تھا۔ 10 طومار کو کھولا گیا تو مَیں نے دیکھا کہ اُس میں آگے بھی اور پیچھے بھی ماتم اور آہ و زاری قلم بند ہوئی ہے۔

ترجمہ جیو لنک ریسورس کنسلٹنٹ بار اول ۲۰۱۰

اس پورے مکاشفہ میں اہم بات یہ ہے

حزقی ایل باب ۱: ۲۶ میں لکھتے ہیں

וּמִמַּעַל, לָרָקִיעַ אֲשֶׁר עַל-רֹאשָׁם, כְּמַרְאֵה אֶבֶן-סַפִּיר, דְּמוּת כִּסֵּא; וְעַל, דְּמוּת הַכִּסֵּא, דְּמוּת כְּמַרְאֵה אָדָם עָלָיו, מִלְמָעְלָה

اور آسمان سے اوپر جو ان کے سروں پر تھا ایک عرش تھا جیسا کہ نیلم کا پتھر ہوتا ہے اور اس عرش نما پر ایک انسان نما تخت افروز تھا

یہودیت تصوف میں ان آیات کا مفہوم اللہ کے حوالے سے لیا جاتا ہے اور مرکبہ کو عرش ہی سمجھا جاتا ہے جو بادلوں اوربجلی کی کڑک میں ہے

اللہ ، مرکبہ پر تھا جس کو چار فرشتے اٹھاتے ہیں اور وہ بادل میں ہے

اس بات کو وھب بن منبہ نے اس طرح بیان کیا - کتاب العظمة از ابو شیخ کی روایت ہے

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَيْحٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ، عَنْ وَهْبٍ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى، قَالَ: " حَمَلَةُ الْعَرْشِ الَّذِينَ يَحْمِلُونَ، لِكُلِّ مَلَكٍ مِنْهُمْ أَرْبَعَةُ وُجُوهٍ، وَأَرْبَعَةُ أَجْنِحَةٍ، جَنَاحَانِ عَلَى وَجْهِهِ مِنْ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى الْعَرْشِ فَيُصْعَقَ، وَجَنَاحَانِ يَطِيرُ بِهِمَا، أَقْدَامُهُمْ فِي الثَّرَى، وَالْعَرْشُ عَلَى أَكْتَافِهِمْ، لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ وَجْهُ ثَوْرٍ، وَوَجْهُ أَسَدٍ، وَوَجْهُ إِنْسَانٍ، وَوَجْهُ نَسْرٍ، لَيْسَ لَهُمْ كَلَامٌ إِلَّا أَنْ يَقُولُوا: قُدُّوسٌ، اللَّهُ الْقَوِيُّ مَلَأَتْ عَظَمَتُهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ "

وھب نے کہا عرش کو اٹھانے والے فرشتوں میں سے ہر ایک کے چار چہرے ہیں اور چار پر ہیں – دو پر ان کے چہروں پر ہیں جس سے وہ عرش کو دیکھتے ہیں اور بے ہوش ہو جاتے ہیں اور دو پر سے اڑتے ہیں … ان چار چہروں میں ایک بیل جیسا، ایک شیر جیسا ایک انسان جیسا ایک عقاب جیسا ہے ان کا کلام صرف یہ ہے قدوس- اللہ قوی ہے اس کی عظمت نے آسمانوں و زمین کو بھر دیا ہے

یہاں دیکھ سکتے ہیں مرکبہ کو عرش سے بدلا گیا ہے – اس کے علاوہ وہ ذات جو مرکبہ پر تھی وہ ایک جسم تھا - اللہ تعالی تھا یا نہیں متن میں درج نہیں ہے لیکن وھب نے اللہ بنا دیا ہے

مرکبہ کو چار فرشتوں نے اٹھایا ہوا تھا، جن کے چار چہرے تھے ایک انسان جیسا، ایک شیر جیسا، ایک بیل جیسا اور ایک عقاب جیسا تھا کچھ اسی طرح کی روایات اہل سنت کی کتب میں بھی در آئی ہیں اور مفسرین نے ان کو صحیح سمجھ کر لکھ دیا ہے[3]

---

3 کتاب نقض الإمام أبي سعيد على المريسي العنيد از عثمان بن سعید میں ایک مقطوع حدیث نقل ہوئی ہے جو کتاب حزقی ایل کی آیت ۱۰ کی نقل ہے

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، ثنا حَمَّادٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ عُرْوَةَ ، قَالَ : " حَمَلَةُ الْعَرْشِ مِنْهُمْ مَنْ صُورَتُهُ عَلَى صُورَةِ الْإِنْسَانِ ، وَمِنْهُمْ مَنْ صُورَتُهُ عَلَى صُورَةِ النِّسْرِ ، وَمِنْهُمْ مَنْ صُورَتُهُ عَلَى صُورَةِ الثَّوْرِ ، وَمِنْهُمْ مَنْ صُورَتُهُ عَلَى صُورَةِ الْأَسَدِ

عروہ کہتے ہیں کہ عرش کو جنھوں نے اٹھایا ہوا ہے ان میں انسانی صورت والے ہیں اور عقاب کی صورت والے اور بیل کی صورت والے اور شیر کی صورت والے

ابن ابی شیبہ کی کتاب العرش کی روایت ہے

حدثنا : علي بن مكتف بن بكر التميمي ، حدثنا : يعقوب بن إبراهيم بن سعد ، عن أبيه ، عن محمد بن إسحاق ، عن عبد الرحمن بن الحارث بن عياش بن أبي ربيعة ، عن عبد الله بن أبي سلمة قال : أرسل إبن عمر (ر) إلي إبن عباس (ر) يسأله : هل رأى محمد ربه ؟ فأرسل إليه إبن عباس : أن نعم ، قال : فرد عليه إبن عمر رسوله أن كيف رآه ؟ ، قال : رآه في روضة خضراء ، روضة من الفردوس دونه فراش من ذهب ، على سرير من ذهب يحمله أربعة من الملائكة ، ملك في صورة رجل ، وملك في صورة ثور ، وملك في صورة أسد ، وملك في صورة نسر.

عبد الله بن أبي سلمة کہتے ہیں کہ ابن عمر نے ابن عباس کے پاس بھیجا کہ کیا نبی نے اللہ کو دیکھا؟ ابن عباس نے کہا ہاں دیکھا. اس پر ابن عمر نے اس کو رد کیا اور کہا کیسے؟ ابن عباس نے کہا اللہ کو سبز باغ میں دیکھا، فردوس کے باغ میں جس میں سونے کا فرش تھا اور ایک تخت تھا سونے کا جس کو چار فرشتوں نے اٹھایا ہوا تھا، ایک کی شکل انسان جیسی، ایک کی بیل جیسی ،ایک کی شیر جیسی ،ایک کی عقاب جیسی تھی

اس سند سے عبدللہ بن احمد بھی کتاب السنہ میں روایت کرتے ہیں، إبن خزيمة – التوحيد – باب ذكر الأخبار المأثورة میں ، البيهقي – الأسماء والصفات – باب ما جاء في العرش والكرسي میں، الآجري – الشريعة میں روایت کرتے ہیں

دانیال سے منسوب کتب فتن

اہل کتاب میں یہود کے علماء کا موقف ہے کہ دانیال ایک صوفي تھا، نبي و رسول نہیں تھا بلکہ ایک کشفی و صوفی تھا جبکہ نصراني اس کو رسول کا درجہ دیتے ہیں – نصرانیوں کي

اس کی سند میں محمد بن إسحاق بن يسار کا تفرد ہے جس کو امام مالک دجالوں میں سے ایک دجال کہتے ہیں

ابن الجوزی اس کو كتاب العلل المتناهية في الأحاديث الواهية میں ذکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں

هَذَا حَدِيثٌ لا يَصِحُّ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ وَقَدْ كَذَّبَهُ مَالِكٌ وَهِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ.

یہ حدیث صحیح نہیں اس میں محمد بن اسحاق کا تفرد ہے اور اس کو امام مالک اور ہشام بن عروہ جھوٹا کہتے ہیں

ابن کثیر سوره غافر کی آیات کی تفسیر میں لکھتے ہیں

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدْتَهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (8) وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ وَذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (9)

يخبر تعالى عن الملائكة المقربين من حَمَلَة العرش الأربعة، ومن حوله من الكروبيين، بأنهم يسبحون بحمد ربهم

اللہ نے خبر دی ان چار مقربین فرشتوں کے بارے میں جنہوں نے عرش کو اٹھایا ہوا ہے اور اس کے ارد گرد کروبین کے بارے میں کہ وہ اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اس کی تعریف کے ساتھ ......۔

اس کے بعد ابن کثیر ایک روایت نقل کرتے ہیں جس میں محمد بن اسحاق ہے اور کے کچھ اشعار نقل ہوئے ہیں جن میں آدمی بیل شیر عقاب کا ذکر ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں سچ کہا

وقد قال الإمام أحمد: حدثنا عبد الله بن محمد -هو ابن أبي شيبة -حدثنا عبدة بن سليمان، عن محمد بن إسحاق، عن يعقوب بن عتبة، عن عكرمة عن ابن عباس [رضي الله عنه] أن رسول الله صلى الله عليه وسلم صَدّق أمية في شيء من شعره، فقال:

رَجُلٌ وَثَور تَحْتَ رِجْل يَمينه ... وَالنَّسْرُ للأخْرَى وَلَيْثٌ مُرْصَدُ ...فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "صدق

یہ روایت مسلمانوں نے قبول کر لي کہ دانیال کوئي نبي تھا – البتہ بائبل میں موجود کتاب دانیال میں تاریخ کي غلطیاں ہیں – جس شخص نے اس کتاب کو گھڑا اس نے بادشاہوں کے نام تک غلط لکھے ہیں ان کے ادوار بھي غلط بیان کیے ہیں لهذا اب اہل کتاب کے بعض محققین بھي یہ کہہ رہے ہیں کہ کتاب دانیال ایک گھڑي ہوئي کتاب ہے

کتاب الفتن از أبو عبد الله نعيم بن حماد بن معاوية بن الحارث الخزاعي المروزي (المتوفى: 228هـ) کے مطابق

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، قَالَ: " لَمَّا فُتِحَتْ تُسْتَرُ وَجَدْنَا فِي بَيْتِ مَالِ الْهُرْمُزَانِ مُصْحَفًا عِنْدَ رَأْسِ مَيِّتٍ عَلَى سَرِيرٍ، وَقَالَ: هُوَ دَانْيَالُ فِيمَا يَحْسِبُ، قَالَ: فَحَمَلْنَاهُ إِلَى عُمَرَ، فَأَنَا أَوَّلُ الْعَرَبِ قَرَأْتُهُ، فَأَرْسَلَ إِلَى كَعْبٍ فَنَسَخَهُ بِالْعَرَبِيَّةِ، فِيهِ مَا هُوَ كَائِنٌ، يَعْنِي مِنَ الْفِتَنِ

أَبِي الْعَالِيَةِ نے کہا : جب تستر فتح ہوا ہم کو الہرمزان کے بیت المال سے ایک مصحف ملا جو ایک میت کے سر کے پاس تخت پر رکھا تھا اور کہا وہ دانیال تھا جیسا گمان ہے – کہا : اس کو عمر رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا پس میں سب سے پہلا عرب تھا جس نے اس کو پڑھا پس میں نے اس کو کعب الاحبار کے پاس بھیجا پس یہ نسخہ عربی میں تھا اور اس میں جو ہونے والا تھا وہ تھا یعنی فتن سے متعلق

غلام مصطفی ظہیر کتاب وفات النبی از امام نسائی میں منسلک مضمون میں اہل حدیث فرقہ کے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے دانیال کے جسد ک بطور دلیل پیش کرتے ہیں اور سیرت ابن اسحاق کے اقتباس کا ترجمہ کرتے ہیں جس میں ابو العالیہ بصری کا قول ہے[4]

---

4 ابو العالیہ یہ وہی بصری ہیں جو واقعہ غرانیق کی تہمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لگاتے تھے کہ اپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی دیویوں کی تعریف سورہ النجم میں کی – یہ مدلس بھی ہیں - جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ۳۰۰ سال پہلے فوت ہوا ہو اس کو نبی و رسول کس دلیل پر مان رہے ہیں ؟ اور اسی بنا پر ابن کثیر نے اس پورے قصے کو رد کیا ہے اس کو چھپایا جاتا ہے - اب ایک سوال یہ ہے کہ دانیال کا دور کون سا ہے ؟ اہل کتاب میں یہود اس کے انکاری ہیں کہ دانیال کوئی نبی ہے – ان کے مطابق دانیال ایک کشفی و صوفی تھے وہ نبی و رسول نہ تھے – دانیال کا دور حشر اول کے قریب کا ہے- جو ۵۸۷ قبل مسیح کا دور ہے – ظاہر ہے کہ دانیال کی لاش ملی صحیح قول نہیں ہو سکتا کیونکہ انبیاء پر ایک دوسرے کی مدد لازم ہے دانیال اگر نبی ہوتے تو یحیی اور عیسیٰ علیهما السلام کی مدد ان پر لازم تھی اور یہ سب نبو اسرائیل کے لئے نبی تھے- جبکہ اس کی خبر حدیث میں قرآن میں انجیل میں نہیں ہے –

''ہم نے جب تستر شہر کو فتح کیا تو ہرمزان کے بیت المال میں ایک چارپائی دیکھی، جس پر ایک فوت شدہ شخص پڑا تھا، ان کے سر کے پاس ایک کتاب پڑی تھی، ہم نے وہ کتاب اٹھالی اور اسے سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں لے گئے۔ انہوں نے کعب الاحبار تابعی کو بلایا، جنہوں نے اس کتاب کا عربی میں ترجمہ کر دیا، میں

وفاۃ النبی ﷺ 272

عربوں میں پہلا شخص تھا جس نے اس کتاب کو پڑھا، میں اس کتاب کو یوں پڑھ رہا تھا گویا کہ قرآن کو پڑھ رہا ہوں۔

ابو العالیہ رحمہ اللہ کے شاگرد کہتے ہیں: میں نے ابو العالیہ رحمہ اللہ سے پوچھا: اس کتاب میں کیا لکھا تھا؟ انہوں نے فرمایا: اس میں امت محمدیہ کی سیرت، معاملات، دین، تمہارے لہجے اور بعد کے حالات پر روشنی ڈالی گئی تھی۔

میں نے عرض کیا: آپ نے اس فوت شدہ شخص کا کیا کیا؟ انہوں نے فرمایا: ہم نے دن کے وقت مختلف جگہوں پر تیرہ (۱۳) قبریں کھودیں، پھر رات کے وقت ان میں سے ایک میں انہیں دفن کر دیا اور سب قبریں زمین کے برابر کر دیں۔ اس طرح کرنے کا مقصد یہ تھا کہ لوگوں کو صحیح قبر کا علم نہ ہو اور قبر کشائی نہ کر سکیں، میں نے عرض کیا: وہ لوگ اس فوت شدہ سے کیا امید رکھتے تھے؟ انہوں نے فرمایا: ان کا خیال یہ تھا کہ جب وہ قحط سالی میں مبتلا ہوتے ہیں تو ان کی چارپائی کو باہر نکالنے سے بارش برسائی جاتی ہے، میں نے پوچھا: آپ کے خیال میں وہ شخص کون ہو سکتا تھا؟ انہوں نے کہا: ایک آدمی تھا جسے دانیال کہا جاتا تھا۔ میں نے پوچھا: آپ کے خیال کے مطابق وہ کتنے عرصے سے فوت ہو چکے تھے؟ انہوں نے فرمایا: تین سو (۳۰۰) سال سے۔ میں نے کہا: کیا ان کے جسم میں کوئی تبدیلی آئی تھی؟ انہوں نے فرمایا: بس گدی سے چند بال گرے تھے، کیونکہ انبیائے کرام کے اجسام میں نہ زمین تصرف کرتی ہے، نہ درندے اسے کھاتے ہیں۔''

(السیرۃ لابن اسحاق: ٦٦۔٦٧؛ طبع دار الفکر، دلائل النبوۃ للبیہقی: ۳۸۲/۱، وسندہٗ حسنٌ)

اور دیوبندی عالم مفتی ابو لبانہ کتاب دجال کون کہاں کب میں لکھتے ہیں

اب آگے چلنے سے پہلے ایک واقعہ یہ بیان کرتے چلیں جسے ابن اسحٰق، ابن ابی شیبہ، امام بیہقی، ابن ابی الدینا اور دیگر محدثین نے بیان کیا ہے۔ یہ حضرات فرماتے ہیں:

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں ''طستور'' نامی شہر فتح ہوا تو فاتح فوج میں شامل صحابہ و تابعین نے وہاں حضرت دانیال علیہ السلام کا مزار دریافت کیا۔ آپ کا جسم مبارک ایک تابوت میں بالکل اصل حالت میں بغیر کسی قسم کی تبدیلی و تغیر کے موجود تھا۔ ان کے سر پر کپڑے کا ایک خط تھا جس پر اجنبی زبان میں کچھ لکھا ہوا تھا۔ دریافت کنندہ جماعت میں جن تابعین کے نام ہیں ان میں ابو العالیہ اور معترف بن مالک مشہور ہیں۔ یہ حضرات یہ تحریر لے کر سیدنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پہنچے۔ آپ نے مشہور صحابی حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ (جو پہلے اہل کتاب یہود میں سے تھے اور سچا اسلام لے آئے تھے۔ اللہ ان سے راضی ہو) سے یہ تحریر پڑھ کر عربی میں ترجمہ کرنے کی درخواست کی۔ حضرت ابو العالیہ تابعی فرماتے ہیں کہ اس ترجمہ شدہ تحریر کو پڑھنے والا پہلا شخص میں تھا۔ اس میں درج تھا: ''تمہاری تمام تاریخ اور معاملات، تمہاری تقریر کی سحر آفرینی اور بہت کچھ جو ابھی واقع ہونے والا ہے۔'' (ابن کثیر: البدایہ والنہایہ ج 1، ص 42-40، بیہقی: دلائل النبوۃ ج 1، ص 381، ابن ابی شیبہ: المصنف 4-7، الکرمی: شفاء الصدور جمال حبیب ایڈیشن صفحہ 336)

کعب الاحبار کو یہ یہودی و مجوسی روایات کا مکسچر ملا اور انہوں نے اس میں سے بھی روایت کرنا شروع کر دیا گویا کہ یہ کتاب الله ہو- دوسری طرف ابو العالیہ نے بھی اس کو قرآن جیسی چیز قرار دے دیا کہ میں اس کتاب کو پڑھتا تو ایسا لگتا کہ گویا قرآن پڑھ رہا ہوں

جنگ میں شامل بصري ابو العالیہ نے بتایا کہ اس کو لگا یہ کوئي نبي دانیال ہے – راقم کہتا ہے یہ مغالطہ بصریوں کو اپني لا علمي سے ہوا کیونکہ جب فارسیوں سے پوچھا گیا کہ یہ شخص کب مرا تو انہوں نے تین سو سال بتایا اور یہ معلوم ہے کہ رسول الله صلي الله علیہ وسلم اور عیسي علیہ السلام کے بیچ یہود پر کوئي نبي مبعوث نہیں ہوا – لیکن تاریخ سے لا علم لوگوں نے اس لاش کو نبي کي میت قرار دیا اور ملنے والي کتاب کو دانیال کی کتاب قرار دیا – راقم کہتا ہے نہ تو یہ لاش کسي نبي کي تھي نہ یہ کتاب کوئي منزل من الله تھي – ابو عالیہ نے لیکن خبر دي

فأخذنا المصحف فحملنا إلى عمر بن الخطاب فدعا له كعباً فنسخه بالعربية فأنا أول رل من العرب قرأته مثلما أقرأ القرآن هذا فقلت لأبي العالية: ما كان فيه ؟ فقال سيرتكم وأموركن ولحون كلامكم وما هو كائن بعد

ہم نے وہ مصحف اٹھا کر امیرالمومنین عمر کے پاس پہنچا دیا، عمر نے کعب الاحبار کو طلب کیا اور کعب نے اس کو عربي میں لکھ دیا- ابوالعالیہ نے کہا میں پہلا شخص تھا جس نے وہ صحیفہ پڑھا- أبي خلدة بن دینار نے ابوالعالیہ سے پوچھا کہ اس صحیفے میں کیا لکھا تھا؟ کہا: تمہاري سب سیرت ،تمہارے تمام امور اور تمہارے کلام کے لہجے تک اور جو کچھ آئندہ پیش آنے والا ہے (دلائل النبوہ از بیہقي)

ابوالعالیہ اور اس کی قبیل کے غیر محتاط لوگوں نے اس کتاب کے مندرجات کو پھیلانا شروع کر دیا

اب اپ تصویر کا دوسرا رخ دیکھیں- مصنف عبد الرزاق میں ہے

عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ قَالَ: كَانَ يَقُولُ بِالْكُوفَةِ رَجُلٌ يَطْلُبُ كُتُبَ دَانْيَالَ، وَذَاكَ الضَّرْبَ، فَجَاءَ فِيهِ كِتَابٌ مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنْ يُرْفَعَ إِلَيْهِ، فَقَالَ الرَّجُلُ: مَا أَدْرِي فِيمَا رُفِعْتُ؟ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى عُمَرَ عَلَاهُ بِالدِّرَّةِ، ثُمَّ جَعَلَ يَقْرَأُ عَلَيْهِ {الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ} [يوسف: 1]، حَتَّى بَلَغَ {الْغَافِلِينَ} [يوسف: 3] قَالَ: «فَعَرَفْتُ مَا

يُرِيدُ»، فَقُلْتُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، دَعْنِي، فَوَاللَّهِ مَا أَدَعُ عِنْدِي شَيْئًا مِنْ تِلْكَ الْكُتُبِ إِلَّا حَرَقْتُهُ قَالَ: ثُمَّ تَرَكَهُ

إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ نے کہا : کہتے ہیں کوفہ میں ایک آدمی ہوتا تھا جو دانیال کي کتابیں مانگتا تھا ... پس عمر رضي الله عنہ کا خط آیا کہ اس(کے پاس) سے اٹھ جاؤ –اس شخص نے کہا کیا معلوم کیا اٹھا؟ پس جب وہ شخص عمر کے پاس گیا ، اس کو عمر نے درے لگائے پھر { الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ} [يوسف: 1]، حَتَّى بَلَغَ {الْغَافِلِينَ} [يوسف: 3] قرات کي اور کہا پس تو جان گیا میں کیا چاہ رہا تھا- اس نے کہا امیر المومنین مجھے جانے دیں الله کو قسم میں اس کتاب کو جلا دوں گا کہا - اس پر انہوں نے اس کو چھوڑ ا

عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي الرَّبَابِ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ: " كُنْتُ فِي الْخَيْلِ الَّذِينَ افْتَتَحُوا تُسْتَرَ، وَكُنْتُ عَلَى الْقَبْضِ فِي نَفَرٍ مَعِيْ، فَجَاءَنَا رَجُلٌ بِجَوْنَةٍ، فَقَالَ: تَبِيعُونِي مَا فِي هَذِهِ؟ فَقُلْنَا: نَعَمْ، إِلَّا أَنْ يَكُونَ ذَهَبًا، أَوْ فِضَّةً، أَوْ كِتَابَ اللَّهِ قَالَ: فَإِنَّهُ بَعْضُ مَا تَقُولُونَ، فِيهَا كِتَابٌ مِنْ كُتُبِ اللَّهِ قَالَ: فَفَتَحُوا الْجَوْنَةَ فَإِذَا فِيهَا كِتَابُ دَانِيَالَ فَوَهَبُوهُ لِلرَّجُلِ، وَبَاعُوا الْجَوْنَةَ بِدِرْهَمَيْنِ قَالَ: فَذَكَرُوا أَنَّ ذَلِكَ الرَّجُلَ أَسْلَمَ حِينَ قَرَأَ الْكِتَابَ "

أَبِي الرَّبَابِ الْقُشَيْرِيِّ نے کہا میں گھوڑے پر تھا جب تستر فتح ہوا اور میں ایک نفر پر قابض تھا پس ایک آدمي آیا اور کہا میرے ساتھ آؤ یہ تحریر کیا ہے ہم نے کہا ہاں خبر دار یہ تو سونا (کتاب پر لگا) ہے یا چاندي ہے یا کوئي کتاب الله ہے- کہا پس انہوں نے کہا یہ کتاب الله میں سے کوئي ایک ہے پس تحریر کو کھولا تو دیکھا دانیال کي کتاب ہے پس وہ شخص ڈر گیا اور اس تحریر کو دو درہم میں فروخت کر دیا اور کہا وہ شخص مسلمان ہو گیا

دانیال سے منسوب وہ کتاب بازار میں کوڑي کے دام بیچ دي گئي اور بعد میں جو بھي اس قسم کا کوئي مصحف پڑھتا اس کو درے لگتے اور ان کو جلا دینے کا حکم تھا- دوسري طرف لوگ بیان کرتے رہے کہ عمر رضي الله عنہ نے اس کے ترجمہ کا کعب کو کہا اور ابو عالیہ نے اس کو پڑھا – ابو عالیہ کے نزدیک اس میں مسلمانوں کے اختلاف کا ذکر تھا ؟ یا للعجب – ابو عالیہ ایک نمبر کے چھوڑو انسان تھے – انہوں نے دعوي کیا کہ اس کتاب دانیال کا ترجمہ عمر رضي الله عنہ کے حکم پر کعب الاحبار نے کیا ، جو انہوں نے سب سے پہلے پڑھا اور جانا کہ اس امت محمد میں کیا کیا فتنے ہوں گے – راقم کہتا ہے یہ سازش ہے کہ اهل کتاب کے قرب قیامت کو اسلام کے قرب قیامت سے ملا دیا جائے – ابو عالیہ یاد رہے یہ

واقعہ غرانیق کے بھي راوي ہیں یعني رسول اللہ صلي اللہ علیہ وسلم الصادق و الامین پر قراني آیات میں شیطاني القا کي روایت بھي کرتے تھے- یہ ان کے علم کے مصادر ہیں

بہر حال عمر رضي اللہ عنہ کے سخت آڈر کي بنا پر کعب الاحبار اس کتاب کو لے کر شام بھاگ گئے اور وہاں انہوں نے اس کتاب کي روایات کو پھیلانا شروع کر دیا جن میں سے بہت سي اب کتاب الفتن نعیم بن حماد میں ہیں - کعب کی بہت سی روایت مغالطہ کی وجہ سے حدیث نبوی بھی بن گئی ہیں[5] –

5

کعب احبار اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ چونکہ سابقہ اہل کتاب میں سے تھے ان کے اپس میں اچھے مراسم تھے اور تبادلہ خیالات ہوتا رہتا تھا – بہت سی باتیں جو کعب سے ابو ہریرہ کو ملیں ان کو جب لوگوں کو انہوں نے بتایا تو لوگ ان کو حدیث رسول سمجھ بٹھے – اس کا ذکر امام مسلم نے اپني کتاب التمیز میں کیا ہے

حَدثنَا عبد الله بن عبد الرَّحْمَن الدَّارمِيّ ثَنَا مَرْوَان الدِّمَشْقِي عَن اللَّيْث بن سعد حَدثنِي بكير بن الاشج قَالَ قَالَ لنا بسر بن سعيد اتَّقوا الله وتحفظوا من الحَدِيث فوَاللَّه لقد رَأَيْتنَا نجالس أَبَا هُرَيْرَة فَيحدث عَن رَسُول الله صلى الله عَلَيْهِ وَسلم عَن كَعْب وَحَدِيث كَعْب عَن رَسُول الله صلى الله عَلَيْهِ وَسلم

بکیر بن الاشج نے کہا ہم سے بسر بن سعید نے کہا : اللہ سے ڈرو اور حدیث میں حفاظت کرو – اللہ کی قسم ! ہم دیکھتے ابو ہریرہ کی مجالس میں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے اور وہ (باتیں) کعب (کي ہوتیں) اور ہم سے کعب الاحبار (کے اقوال) کو روایت کرتے جو حدیثیں رسول اللہ سے ہوتیں

اس بنا پر اکابر تابعین صحابي ابو ہریرہ کي تمام روایات نہیں لیتے تھے – احمد العلل میں کہتے ہیں

وقال عبد الله: حدثني أبي. قال: حدثنا أبو أسامة، عن الأعمش. قال: كان إبراهيم صيرفيا في الحديث، أجيئه بالحديث. قال: فكتب مما أخذته عن أبي صالح، عن أبي هريرة. قال: كانوا يتركون أشياء من أحاديث أبي هريرة. «العلل» (946) .

احمد نے کہا ابو اسامہ نے کہا اعمش نے کہا کہ ابراهیم النخعی حدیث کے بدلے حدیث لیتے – وہ حدیث لاتے – اعمش نے کہا پس انہوں نے لکھا جو میں نے ابو صالح عن ابو ہریرہ سے روایت کیا – اعمش نے کہا : ابراھیم النخعي، ابوہریرہ کي احادیث میں چیزوں کو ترک کر دیتے

دانیال کے نام سے بہت سی کتب ہیں – ایک ان میں بائبل میں موجود ہے – البتہ راقم سمجھتا ہے کہ فارس میں جو دانیال کی کتاب تھی وہ وہ نہیں ہے جو بائبل میں تھی کیونکہ بائبل والی کتاب دانیال مشہور و معروف ہے اور نصرانیوں کے نزدیک الوحی کا درجہ رکھتی ہے –

کتاب کعب الاحبار

امر خلافت اور عربی تہذیب و تمدن

کتاب الفتن از أبو عبد الله نعيم بن حماد بن معاوية بن الحارث الخزاعي المروزي (المتوفى: 228هـ) کے مطابق

حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، أَنا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «لَا يَزَالُ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ خَلِيفَةٌ يَجْمَعُهُمْ، وَإِمَارَةٌ قَائِمَةٌ، وَيُعْطَى الرِّزْقُ وَالْجِزْيَةُ حَتَّى يُبْعَثَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، ثُمَّ يَكُونُ هُوَ يَجْمَعُهُمْ، ثُمَّ تَنْقَطِعُ الْإِمَارَةُ»

شريح بن عبيد الحضرمي الشامي نے کہا کعب نے کہا : اس امت میں ایسا کبھی نہ ہو گا کہ ایک خلیفہ پر اجماع نہ ہو اور امارت قائم رہے گی اور اس کو رزق دیا جائے گا اور جزیہ یہاں تک کہ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول ہو گا پھر یہ ان پر جمع ہوں گے اور خلافت ختم ہو جائے گی

کتاب الفتن از أبو عبد الله نعيم بن حماد بن معاوية بن الحارث الخزاعي المروزي (المتوفى: 228هـ) کے مطابق

حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى وَهَبَ لِإِسْمَاعِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ صُلْبِهِ اثْنَيْ عَشَرَ قَيِّمًا، أَفْضَلُهُمْ وَخَيْرُهُمْ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَعُثْمَانُ ذُو النُّورِ، يُقْتَلُ مَظْلُومًا، يُؤْتَى أَجْرَهُ مَرَّتَيْنِ، وَمَلِكُ الشَّامِ وَابْنُهُ، وَالسَّفَّاحُ، وَمَنْصُورٌ، وَسِينٌ وَسَلَامٌ، يَعْنِي صَلَاحًا وَعَافِيَةً»

أَبِي زِيَادٍ نے کہا کعب نے کہا: اللہ نے اسمعیل کو ان کے صلب میں ۱۲ قیم دیے ان میں سب سے افضل ابو بکر صدیق تھے اور عثمان جن کا قتل مظلوم ہوا اور ان کو دو اجر ملے اور شام کا ملک اور ان کے بیٹے السفاح اور سین اور سلام یعنی صالحیت و عافیت کے ساتھ[6]

6

یہ قول کعب کا نہیں ہو سکتا کیونکہ کعب کا انتقال عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں ہوا- کتاب پیدائش باب ١٧ میں ہے

Gen. 17:20 As for Ishmael, I have heard you; behold, I have blessed him and will make him fruitful and multiply him greatly. He shall father twelve princes, and I will make him into a great nation

20 مَیں اسمٰعیل کے سلسلے میں بھی تیری درخواست پوری
کروں گا۔ مَیں اُسے بھی برکت دے کر پھلنے پھولنے دوں گا
اور اُس کی اولاد بہت ہی زیادہ بڑھا دوں گا۔ وہ بارہ
رئیسوں کا باپ ہو گا، اور مَیں اُس کی معرفت ایک بڑی قوم
بناؤں گا۔ 21 لیکن میرا عہد اسحاق کے ساتھ ہو گا، جو عین
ایک سال کے بعد سارہ کے ہاں پیدا ہو گا۔"

شیعہ کتاب موسوعة الإمام العسكري(ع) المؤلف : الخزعلي، الشيخ أبو القاسم الجزء : 1 صفحة : 152 میں ہے

النباطيّ البياضيّ (رحمه الله): قال ابن عمر: سمّاهم [أي الأئمّة الاثنى عشر (عليهم السلام)] كعب الأحبار بأسمائهم في التوراة: ينبوذ، قيدورا، أوبايل ميسور، مشموع، دموه، سوه، حيدور، و تمر، بطور، بوقيش، قيدمه.
قال أبو عامر هشام الدستواني: سألت عنها يهوديّا عالما؟
فقال: بذه نعوت أقوام بالعبرانيّة صحيحة، نجدها في التوراة، و لو سألت عنها غيري لعمي عنها للجهل بها ...،
قلت: فانعت لي بذه النعوت لأعلمها.
قال: نعم! ...، [بوقيش] برقش [أي الحسن العسكريّ (عليه السلام)] سميّ عمّه

النباطيّ البياضيّ نے ذکر کیا کہ ابن عمر نے بارہ ائمہ کے ناموں کا ذکر کیا کہ کعب احبار نے ان کے نام توریت سے ذکر کیے
ينبوذ، قيدورا، أوبايل ميسور، مشموع، دموه، سوه، حيدور، و تمر، بطور، بوقيش، قيدمه
ابو عامر هشام نے کہا انہوں نے یہودی عالم سے اس کو پوچھا ؟
کہا یہ ان اقوام کی عبرانی میں تعریف ہے صحیح ہے یہ توریت میں ملا ہے .... میں النباطيّ البياضيّ کہتا ہوں ... بوقيش، یہ برقش ہے یعنی امام حسن عسکری (علیہ السلام) کے چچا کا نام لیا گیا ہے

دوسری طرف ابن أبي الحديد نے شرح نهج البلاغة ج 4 ص 77 میں لکھا ہے
وروى جماعة من أهل السير أن عليا عليه السلام كان يقول عن كعب الاخبار: إنه لكذاب، وكان كعب منحرفا عن علي عليه السلام
علی کا قول ہے کہ کعب احبار جھوٹا ہے

كتاب الفتن از أبو عبد الله نعيم بن حماد بن معاوية بن الحارث الخزاعي المروزي (المتوفى: 228هـ) کے مطابق

حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ يَعْفُرَ بْنَ حُمْرَةَ، يَقُولُ: أَخْبَرَنِي عَمِّي، مَعْدِي كَرِبُ بْنُ عَبْدِ كُلَالٍ يَقُولُ: قَالَ لَنَا كَعْبُ الْأَحْبَارِ: «إِنَّ مَنْصُورَ خَامِسَ خَمْسَ عَشْرَةَ خَلِيفَةً»

مَعْدِي كَرِبُ بْنُ عَبْدِ كُلَالٍ نے کہا کعب نے ہم سے کہا منصور پندرہواں خلیفہ ہو گا[7]

منصور سے مراد دوسرے عباسی خلیفہ ابو جعفر المنصور ہیں- سند منقطع ہے

كتاب الفتن از أبو عبد الله نعيم بن حماد بن معاوية بن الحارث الخزاعي المروزي (المتوفى: 228هـ) کے مطابق

حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ قَوْذَرٍ، عَنْ تُبَيْعٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «الْمَنْصُورُ مَنْصُورُ بَنِي هَاشِمٍ»

تُبَيْعُ بنُ عَامِرٍ الحِمْيَرِيُّ الحَبْرُ نے کعب سے روایت کیا المنصور تو بنی ہاشم کو نصرت دینے والا ہے

كتاب الفتن از أبو عبد الله نعيم بن حماد بن معاوية بن الحارث الخزاعي المروزي (المتوفى: 228هـ) کے مطابق

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، وَالْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَامِرٍ الْيَزَنِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: " قِيلَ: لِمَنِ الْمَلِكُ ظِفَارٌ؟ قَالَ: لِحِمْيَرَ الْأَخْيَارِ، قِيلَ: لِمَنِ الْمَلِكُ ظِفَارٌ؟ قَالَ: لِلْحَبَشِ الشِّرَارِ، قِيلَ: لِمَنِ الْمَلِكُ ظِفَارٌ؟ قَالَ: لِفَارِسَ الْأَحْرَارِ، قِيلَ: لِمَنِ الْمَلِكُ ظِفَارٌ؟ قَالَ: لِقُرَيْشٍ اتِّجَارٌ، قِيلَ: لِمَنَ الْمَلِكُ ظِفَارٌ؟ قَالَ: إِلَى حِمْيَرَ الْبَحَّارِ " وَقَالَ الْحَكَمُ: «لِحِمْيَرَ التُّجَّارِ»

راقم کہتا ہے کہ توریت میں یہ ۱۲ نام موجود نہیں ہیں

[7] یہ قول بھی کعب الاحبار کا نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ بنو عباس کی مستقبلل کی خبر ہے

يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ الْيَزَنِيّ نے کعب سے روایت کیا ظِفَارٌ کا ملک (عمان) کس کا ہو گا ؟ کہا گیا: حمیر کے بہترین لوگوں کا – کہا : ظِفَارٌ کا ملک (عمان) کس کا ہو گا ؟ کہا حبشہ کے شریروں کا- کہا : ظِفَارٌ کا ملک (عمان) کس کا ہو گا ؟ قریش کے ڈیلروں کے لئے ... کہا: ظِفَارٌ کا ملک (عمان) کس کا ہو گا ؟ کہا حمیر کے تاجروں لئے

کتاب الفتن از أبو عبد الله نعيم بن حماد بن معاوية بن الحارث الخزاعي المروزي (المتوفى: 228هـ) کے مطابق

حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «لَمْ يَبْعَثِ اللَّهُ تَعَالَى نُبُوَّةً، وَلَا جَعَلَ خِلَافَةً وَلَا مُلْكًا إِلَّا فِي أَهْلِ الْقُرَى وَالْحَضَارَةِ، كَانُوا لَا يَطْمَعُونَ أَنْ يَجْعَلَهَا فِي أَهْلِ عَمُودٍ وَلَا بَدْو

شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ نے کعب سے روایت کیا : اللہ تعالی نے نبوت کیوں بھیجی اور خلافت و ملک کیا اہل القری (شہر والوں) اور تہذیب والوں کے لئے اور اس کو بدوی لوگوں کے لئے پسند نہ کیا

کتاب الفتن از نعیم میں ہے کہ سن ۲۶ ھ میں فتنہ ہو گا

حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي الْعَوَّامِ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: " تَدُورُ رَحَى الْعَرَبِ بَعْدَ خَمْسٍ وَعِشْرِينَ بَعْدَ وَفَاةِ نَبِيِّهَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَنْشَأُ فِتْنَةٌ فِيهَا قَتْلٌ وَقِتَالٌ، فَأَمْسِكْ عَلَيْكَ فِيهَا يَدَكَ وَسِلَاحَكَ، ثُمَّ تَكُونُ أُخْرَى بَعْدَ الطُّمَأْنِينَةِ، فَأَمْسِكَ عَلَيْكَ فِيهَا يَدَكَ وَسِلَاحَكَ، فَإِنِّي أَجِدُهَا فِي كِتَابِ اللَّهِ: الْمُظْلِمَةُ تَلْوِي بِكُلِّ ذِي كِبْرٍ "

أَبِي الْعَوَّامِ نے کعب سے روایت کیا کہ عرب کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے پندرہ سال بعد تک ایک سی صورت حال رہے گی - پھر مناقشہ جنم لے گا ، فتنہ ہو گا جس میں قتل و غارت ہو گی اس میں اپنا ہاتھ اور اسلحہ دور رکھنا پھر اس کے بعد سکون ہو گا اور پھر مناقشہ ہو گا اس میں بھی اپنا ہاتھ اور اسلحہ دور رکھنا کیونکہ میں نے کتاب اللہ میں پایا ہے کہ ظلم ہر متکبر پر سیاہی بن جائے گا

کتاب الفتن از نعیم میں ہے

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَرْوَانَ، عَنْ أَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنِي تُبَيْعٌ ابْنُ امْرَأَةِ كَعْبٍ قَالَ: «مُلْكُ بَنِي أُمَيَّةَ مِائَةُ عَامٍ، لِبَنِي مَرْوَانَ مِنْ ذَلِكَ نَيِّفٌ وَسِتُّونَ عَامًا، لَا يَذْهَبُ مُلْكُهُمْ حَتَّى يَنْزِعُوهُ بِأَيْدِيهِمْ،

يُرِيدُونَ سَدَّهُ فَلَا يَسْتَطِيعُونَهُ، كُلَّمَا سَدُّوهُ مِنْ نَاحِيَةٍ انْهَدَمَ مِنْ نَاحِيَةٍ، يُفْتَتَحُونَ بِمِيمٍ وَيُخْتَتَمُونَ بِمِيمٍ، وَلَا يَذْهَبُ مُلْكُهُمْ حَتَّى يُخْلَعَ خَلِيفَةٌ مِنْهُمْ فَيُقْتَلَ، وَيَقْتُلَ حِمْلَاهُ، وَيَقْتُلَ حِمَارُ الْجَزِيرَةِ الْأَصْهَبُ مَرْوَانُ، ثُمَّ يَنْقَطِعُ مُلْكُهُمْ وَعَلَى يَدَيْهِ هَدْمُ الْأَكَالِيلِ»

کعب کی بیوی کے بیٹے تُبَيْعٌ نے کہا : بنی امیہ کے لئے ۱۰۰ سال ہیں اور بنی مروان کے لئے ۶۰ یا اس سے اوپر کچھ سال ہیں- ان سے حکومت نہیں جائے گی یہاں تک کہ یہ اپنے ہاتھوں سے لڑیں گے - ... ان کی حکومت نہیں جائے گی یہاں تک کہ ان کا خلیفہ قتل کر دیا جائے گا اور ان کے حامی قتل ہوں گے اور الجزیرہ کا گدھا مروان قتل ہو گا پھر ان کی امارت منقطع ہو جائے گی اور الْأَكَالِيلِ منہدم ہوں گے

کتاب الفتن از نعیم میں ہے

حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ رُشَيْدٍ الْأَزْدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَبِيعَةَ الْقَصِيرِ، عَنْ تُبَيْعٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «تَكُونُ بِالشَّامِ فِتْنَةٌ تُسْفَكُ فِيهَا الدِّمَاءُ، وَتُقْطَعُ فِيهَا الْأَرْحَامُ، وَتَهْرُجُ فِيهَا الْأَمْوَالُ، ثُمَّ تَتْبَعُهَا الشَّرْقِيَّةُ»

تُبَيْعٌ نے کعب سے روایت کیا کہا شام میں فتنہ ہو گا خون بہے گا، رشتہ داریاں قطع ہوں گی اور اموال برباد ہوں گے پھر یہی سب مشرق میں ہو گا

کتاب الفتن از نعیم میں ہے

حَدَّثَنَا أَبُو الْمُغِيرَةِ، عَنِ ابْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا الثِّقَاتُ مِنْ مَشَايِخِنَا، أَنَّ يَشُوعَ، وَكَعْبًا، اجْتَمَعَا، وَكَانَ يَشُوعُ رَجُلًا عَالِمًا قَارِئًا لِلْكُتُبِ قَبْلَ مَبْعَثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَسَاءَلَا، فَسَأَلَ يَشُوعُ كَعْبًا فَقَالَ: أَلَكَ عِلْمٌ بِمَا يَكُونُ بَعْدَ هَذَا النَّبِيِّ مِنَ الْمُلُوكِ؟ قَالَ كَعْبٌ: «أَجِدُ فِي التَّوْرَاةِ اثْنَيْ عَشَرَ مَلِكًا، أَوَّلُهُمْ صِدِّيقٌ، ثُمَّ الْفَارُوقُ، ثُمَّ الْأَمِينُ، ثُمَّ رَأْسُ الْمُلُوكِ، ثُمَّ صَاحِبُ الْأَحْرَاسِ، ثُمَّ جَبَّارٌ، ثُمَّ صَاحِبُ الْعُصَبِ، وَهُوَ آخِرُ الْمُلُوكِ يَمُوتُ مَوْتًا، ثُمَّ يَمْلُكُ صَاحِبُ الْعَلَامَةِ يَمُوتُ مَوْتًا، فَأَمَّا الْفِتَنُ فَإِنَّهَا تَكُونُ إِذَا قُتِلَ ابْنُ مَاحِقِ الذَّهَبِيَّاتِ، فَعِنْدَ ذَلِكَ يُسَلَّطُ الْبَلَاءُ، وَيُرْفَعُ [ص:199] الرَّخَاءُ، وَعِنْدَ ذَلِكَ يَكُونُ أَرْبَعَةُ مُلُوكٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ صَاحِبِ الْعَلَامَةِ، مَلِكَانِ لَا يُقْرَأُ لَهُمَا كِتَابٌ، وَمَلِكٌ يَمُوتُ عَلَى فِرَاشِهِ يَكُونُ مُكْثُهُ قَلِيلًا، وَمَلِكٌ يَجِيءُ مِنْ قِبَلِ الْجَوْفِ، عَلَى يَدَيْهِ يَكُونُ الْبَلَاءُ، وَعَلَى يَدَيْهِ تُكْسَرُ الْأَكَالِيلُ، يُقِيمُ عَلَى حِمْصَ عِشْرِينَ وَمِائَةَ صَبَاحٍ، يَأْتِيهِ الْفَزَعُ مِنْ قِبَلِ أَرْضِهِ فَيَرْتَحِلُ مِنْهَا، فَيَقَعُ الْبَلَاءُ بِالْجَوْفِ، وَيَقَعُ الْبَلَاءُ بَيْنَهُمْ، ثُمَّ يَنْقَطِعُ أَمْرُهُمْ، وَيَجِيءُ مِنْ أَهْلِ بَيْتٍ غَيْرِهِمْ فَيَغْلِبُ عَلَيْهِمْ»

ثقات نے خبر دی کہ یَشُوعَ اور کعب جمع ہوئے اور یَشُوعَ، بعثت نبوی سے قبل سے کتابوں کا مطالعہ کرنے والے ایک عالم تھے – پس یَشُوعَ نے کعب سے سوال کیا کیا آپ کو خبر ہے کہ ان نبی کے بعد کون بادشاہ ہوں گے ؟ کعب نے کہا میں نے توریت میں پایا ہے کہ ۱۲ بادشاہ ہوں گے ان کے اول صدیق ہیں پھر الفاروق ہیں پھر امین ہیں پھر بادشاہوں کے سردار ، پھر سپاہیوں والے ، پھر جبار ، پھر اعصاب والے جو آخری شاہ ہوں گے اپنی موت مریں گے ، پھر علامت والے جو اپنی موت مریں گے – جہاں تک فتنہ ہے تو وہ تب ہو گا جب سونار کا بیٹا قتل ہو گا اس پر مصیبت و آزمائش کا تسلط ہو گا اور خوشحالی اٹھا لی جائے گی . اس وقت چار بادشاہ ہوں گے جو صاحب علامت کے اہل بیت میں سے ہوں گے، دو بادشاہ ہوں گے جن پر کتاب نہیں پڑھی جائے گی اور بادشاہ ہو گا جو بستر پر مرے گا اور آسودگی کم ہو گی ، اور بادشاہ ہو گا جو بھوک کی وجہ سے نکلے گا، اسی کے ہاتھ پر آزمائش ہو گی اور یہ حمص میں ۱۲۰ صبحیں کریں گا

کتاب الفتن از نعیم میں ہے

حَدَّثنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ رُشَيْدٍ الْأَزْدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَبِيعَةَ الْقَصِيرِ، عَنْ تُبَيْعٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «تَكُونُ بَعْدَ فِتْنَةِ الشَّامِيَّةِ الشَّرْقِيَّةِ هَلَاكُ الْمُلُوكِ وَذُلُّ الْعَرَبِ، حَتَّى يَخْرُجَ أَهْلُ الْمَغْرِبِ»

تُبَيْعٍ نے کعب سے روایت کیا کہا شامی شرقی فتنہ کے بعد بادشاہ ہلاک ہوں گے اور عربوں کی ذلت ہو گی یہاں تک کہ اہل مغرب نکلیں گے

کتاب الفتن از نعیم میں ہے

حَدَّثنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَرْوَانَ، عَنْ أَرْطَاةَ، عَنْ تُبَيْعٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «إِذَا خُسِفَ بِقَرْيَةٍ يُقَالُ لَهَا حَرَسْتَا، وَخُلِعَ خَلِيفَتَانِ مِنْ بَنِي الْعَبَّاسِ، وَاخْتَلَفَ آلُ الْعَبَّاسِ بَيْنَهُمْ حَتَّى يُرْفَعَ فِيهِمُ اثْنَا عَشَرَ لِوَاءً، وَثِنْتَا عَشْرَةَ رَايَةً، فَعِنْدَهَا يَغْلِبُ عَلَيْهِمُ الْفِتَنُ فِي دَارِ مُلْكِهِمْ، وَبِهَا يَجْتَمِعُونَ، فَعِنْدَ ذَلِكَ الْآخِرَةُ، وَيُعْبَرُ جَيْحُونُ، وَبِهَا يَجْتَمِعُونَ، وَعِنْدَ ذَلِكَ سُقُوطُ مُلْكِهِمْ، وَخُرُوجُ الْبَرْبَرِ عَلَى الشَّامِ»

تُبَيْعٍ نے کعب سے روایت کیا کہ جب وہ قریہ دھنس جائے گا جس کو حَرَسْتَا کہتے ہیں تو بنو عباس میں سے دو خلیفہ نکلیں گے اور ال عباس کا اختلاف ہو جائے گا حتی کہ ان میں ۱۲ جھنڈے بلند ہوں گے اور پھر ان کے ملک پر مصیبت چھا جائے گی اور یہ اس میں جمع ہوئے ہوں گے پھر ایک اور آزمائش ہو گی جب یہ جَيْحُونُ کو پار کریں گے اور

وہاں جمع ہوں گے اور ان کا ملک سقوط کا شکار ہو گا اور شام پر بربر قوم حملہ آور ہو گی

اپنی وفات کے وقت بھی کعب احبار کی خواہش تھی وہ حرستا (الغوطة کے علاقہ میں حرستا واقع ہے) میں وفات پائیں -اس کا ذکر الكنى از الدولابی میں ہے

ذَكَرَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ حَدَّثَنِي صَخْرُ بْنُ جَنْدَلَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ يُونُسَ بْنَ مَيْسَرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي فَرْوَةَ حُدَيْرٍ السُّلَمِيِّ قَالَ حَضَرْتُ بَعْثَ الصَّائِفَةِ فِي آخِرِ خِلَافَةِ عُثْمَانَ وَقَدْ كَانَ كَعْبٌ أَوْقَعَ اسْمَهُ فِي الْبَعْثِ " فَأَمَرَ بِإِخْرَاجِهِ وَهُوَ مَرِيضٌ , فَقِيلَ: لَهُ إِنَّكَ مَرِيضٌ , فَقَالَ: أَخْرِجُونِي فِي الْبَعْثِ فَوَاللَّهِ , لَأَنْ أَمُوتَ بِحَرَسْتَا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَمُوتَ بِدِمَشْقَ وَلَأَنْ أَمُوتَ بِدَوْمَةَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَمُوتَ بِحَرَسْتَا بِكَذَا قَدِمَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ " [ص:906]، قَالَ أَبُو فَرْوَةَ: «فَأَخْرَجْنَاهُ، فَمَاتَ حِينَ انْتَهَى إِلَى حِمْصَ

کعب نے مرتے وقت کہا کہ مجھ کو حرستا میں مرنا دمشق میں مرنے سے زیادہ پسند ہے اور دومہ میں مرنا ، حرستا سے زیادہ پسند ہے لیکن وفات حمص میں ہوئی

سلفی تنظیموں کی نصیری حکومت سے بغاوت کے دوران حرستا مکمل تباہ ہو گیا ہے کیونکہ یہ سمجھ رہی تھیں کہ الغوطہ سے متعلق روایات حدیث نبوی ہیں

عربوں سے متعلق

کتاب الفتن از نعیم میں ہے

حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «رَأْسُ الْأَرْضِ الشَّامُ، وَجَنَاحَاهَا مِصْرُ وَالْعِرَاقُ، وَالذَّنَابَا الْحِجَازُ، وَعَلَى الذَّنَابَا يُسْلَخُ الْبَازُ»

شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْد نے کعب سے روایت کیا کہا زمین کا سر شام ہے اور اس کے پر مصر و عراق ہیں ، حجاز کمر پٹہ ہے

کتاب الفتن از نعیم میں ہے

حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ كَعْبٍ، قَالَ: «تُخَرَّبُ الْأَرْضُ قَبْلَ الشَّامِ بِأَرْبَعِينَ عَامًا»

اسرائیلیات اورسابقہ کتب سماوی میں فرق رکھنا ضروری ہے ان دونوں میں وہ چیزیں جو قرآن و حدیث سے متفق ہوں پیش کی جا سکتی ہیں لیکن ان کا مقصد احقاق حق اور تبین ہو تو کوئی حرج نہیں ہے ،قرآن میں خود کئی جگہ توریت و انجیل کا حوالہ دیا گیا ہے

ابن عباس اور دیگر اصحاب رسول سے بعض لوگوں نے نبی اسرائیل کے کچھ ایسے قصے منسوب کیے ہیں جو صحیح نہیں ہیں – ان میں ایک بلعم نام کے ایک شخص کا قصہ ہے جس کا ذکر اس کتاب میں ہے

توریت پڑھنا حرام ہے ؟

اللہ تعالی کا قول ہے کہ دور نبوی کے یہود کے پاس اصل توریت تھی لیکن وہ اس کو نافذ نہیں کرتے تھے[1]

وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُـمُ التَّوْرَاةُ فِيْـهَا حُكْمُ اللّـٰهِ ثُـمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ (43)

اور وہ تجھے کس طرح منصف بنائیں گے حالانکہ ان کے پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم ہے پھر اس کے بعد ہٹ جاتے ہیں، اور یہ مومن نہیں ہیں۔

مسند احمد کی روایت ہے

حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكِتَابٍ أَصَابَهُ مِنْ بَعْضِ أَهْلِ الْكُتُبِ، فَقَرَأَهُ عَلَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَضِبَ وَقَالَ: «أَمُتَهَوِّكُونَ فِيهَا يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ جِئْتُكُمْ بِهَا بَيْضَاءَ نَقِيَّةً، لَا تَسْأَلُوهُمْ عَنْ شَيْءٍ فَيُخْبِرُوكُمْ بِحَقٍّ فَتُكَذِّبُوا بِهِ، أَوْ بِبَاطِلٍ فَتُصَدِّقُوا بِهِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ أَنَّ مُوسَى كَانَ حَيًّا، مَا وَسِعَهُ إِلَّا أَنْ يَتَّبِعَنِي

جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ اپنے ہاتھوں میں اہل کتاب کی کوئی تحریر لے کر آئے ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس کو پڑھا اپ صلی اللہ علیہ

1

سورہ المائدہ

توریت کیا ہے ؟ اس پر راقم کی کتاب ملاحظہ کریں

In Search of Hidden Torah

وسلم غضب ناک ہوئے اور فرمایا کہ اے ابن الخطاب! کیا تم لوگوں کو تردد اور اضطراب میں ڈالنا چاہتے ہو ۔ وہ ذات جس کے ہاتھ میں میری جان ہے بے شک میں ایک پاکیزہ
چمکدارشریعت تمہارے لئے لایا ہوں تم ان سے سوال نہ کرو جس کی وہ تمہیں سچی خبردیں پھر تم تکذیب کرو یا باطل کہیں اور تم تصدیق کر بیٹھو. وہ ذات جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے اور تم مجھے چھوڑ کر ان کا اتباع کرتے تو تم ضرور گمراہ ہوجاتے۔

شعیب الأرناؤوط کہتے ہیں إسناده ضعيف اسکی اسناد ضعیف ہیں

یہ روایت متن کی تبدیلی کے ساتھ عَبْدِ اللہ بْنِ ثَابِتٍ سے بھی مروی ہے سند ہے

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللہ بْنِ ثَابِتٍ

سنن دارمی کے مطابق یہ کتاب جو عمر رضی اللہ تعالی عنہ پڑھ رہے تھے التَّوْرَاةِ تھی سند ہے

أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللہ عَنْهُ

مسند احمد کے علاوہ بَيْهَقِيُّ كِتَابِ شُعَبِ الْإِيمَانِ میں اس کو مجالد کی سند سے نقل کرتے ہیں

مرعاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح میں مبارکبوری لکھتے ہیں

فقد روي نحو عن ابن عباس عند أحمد وابن ماجہ، وعن جابر عند ابن حبان، وعن عبد اللہ بن ثابت عند أحمد وابن سعد والحاكم في الكنى، والطبراني في الكبير، والبيهقي في شعب الإيمان

پس اسی طرح ابن عباس کی سند سے احمد اور ابن ماجہ نے اور جابر کی سند سے ابن حبان نے اور عبد اللہ بن ثابت سے احمد اور ابن سعد نے اور الحاکم نے لکنی میں اور طبرانی نے کبیر میں اور بیہقی نے شعب الإيمان میں روایت کیا ہے

اس روایت کی تمام اسناد میں راوی مُجَالِدُ بنُ سَعِيْدِ بنِ عُمَيْرِ بنِ بِسْطَامَ الهَمْدَانِيُّ المتوفی ١٤٤ ھ کا تفرد ہے

أَبُو حَاتِمٍ کہتے ہیں لاَ يُحْتَجُّ بِهِ اس سے دلیل نہ لی جائے

ابْنُ عَدِيٍّ کہتے ہیں اس کی حديث: لَهُ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ أَحَادِيْثُ صَالِحَةٌ صالح ہیں

أَبُو سَعِيْدٍ الأَشَجُّ اس کو شِيْعِيٌّ یعنی شیعہ کہتے ہیں

الميموني کہتے ہیں ابو عبدللہ کہتے ہیں

قال أبو عبد الله: مجالد عن الشعبي وغيره، ضعيف الحديث. «سؤالاته»

احمد کہتے ہیں مجالد کی الشعبي سے روایت ضعیف ہے

ابن سعد کہتے ہیں كان ضعيفا في الحديث، حدیث میں ضعیف ہے

المجروحين میں ابن حبان کہتے ہیں كان رديء الحفظ يقلب الأسانيد ويرفع

ردی حافظہ اور اسناد تبدیل کرنا اور انکو اونچا کرنا کام تھا

ابن حبان نے صحیح میں اس سے کوئی روایت نہیں لی- ابن حبان المجروحين میں لکھتے ہیں کہ امام الشافعی نے کہا

وَالْحَدِيثُ عَنْ مُجَالِدٍ يُجَالِدُ الْحَدِيثَ اور مجالد کی حدیث ، حدیث کو کوڑا لگانا ہے

مجالد کی کوئی روایت صحیح ابن حبان میں نہیں

مجالد کو دارقطنی ليس بثقة ثقہ نہیں کہتے ہیں

بخاری تاریخ الکبیر میں لکھتے ہیں

كَانَ يَحيى القَطّان يُضَعِّفُهُ. يَحيى القَطّان اسکی تضعیف کرتے تھے

وكَانَ ابْن مَهديّ لا يروي عنه. ابْن مَهديّ اس سے روایت نہیں کرتے تھے

ابن حجر کہتے ہیں

لیس بالقوی و قد تغیر فی آخر عمره

قوی نہیں اور آخری عمر میں تغیر ہو گیا تھا

نسائی کہتے ہیں ثقہ ہے اور لیس بالقوی نہیں بھی کہتے ہیں

امام مسلم نے صحیح میں الشّعبِيّ کی سند سے الطَّلَاق میں صرف ایک روایت نقل کی ہے. امام مسلم نے اس کی سند اس طرح پیش کی ہے

حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا سَيَّارٌ، وَحُصَيْنٌ، وَمُغِيرَةُ، وَأَشْعَثُ، وَمُجَالِدٌ، وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، وَدَاوُدُ، كُلُّهُمْ عَنِ الشَّعْبِيِّ،

یعنی سات راویوں بشمول مُجَالِدٌ نے طلاق کی ایک روایت الشَّعْبِيِّ سے نقل کی ہے

بس صرف یہی روایت ہے جس پر اس کو صحیح مسلم کا راوی گردانا جاتا ہے

حیرت ہے کہ عرب علماء میں شعیب الأرناؤوط کے علاوہ عصر حاضر میں کوئی اس روایت کو ضعیف نہیں کہتا بلکہ سب شوق سے اس کو فتووں میں لکھتے ہیں

اس بحث کا لب لباب ہے کہ مجالد کی کتب سماوی کے بارے میں روایت منکر ہے

قصہ بلعم باعور

بلعم باعور (بلعم بن باعوراء یا بلعام بن یاعر یا بلعم بن أَبَر یا بِلْعَامُ) ایک فرضی کردار ہے – یہودی و نصرانی کہتے ہیں یہ ایک غیر اسرائیلی نبی تھا

راقم کہتا ہے یہ بنی اسرائیلی گھڑنت ہے- اس کے قصے کا اصل مقصد انبیاء کی کردار کشی تھا کہ ایسے انبیاء بھی تھے جو بنی اسرائیلی نہیں تھے ، کنعاني تھے ان کو اسم اعظم تک کا علم تھا لیکن چونکہ وہ بنی اسرائیل کی غنڈہ گردی کے خلاف نصیحت کرتے تھے اللہ ان کی دعا کو پھیر دیتا قبول نہ کرتا- راقم کہتا ہے یہ سب جاہل یہود کا تراشیدہ قصہ ہے - قصہ کا مصدر بائبل کتاب گنتی باب ٢٢ سے ٢٤ میں ہے

http://gospelgo.com/a/urdu_bible.htm

بنی اسرا ئیلیوں نے موآب کے میدان کا سفر کیا ۔ انہوں نے یردن ندی کے پار یریحو کے قریب خیمہ ڈا لا ۔ 2 اموری لوگوں کے ساتھ بنی اسرا ئیلیوں نے جو کچھ کیا تھا صفور کے بیٹے بلق نے اسے دیکھا تھا ۔ 3 اور مو آب بہت زیادہ ڈراہوا تھا کیوں کہ وہاں اسرائیل کے بہت لوگ تھے ۔ موآب بنی اسرا ئیلیوں سے بہت ڈرا ہوا تھا ۔ 4 موآب کے قائدین مدیان کے بزرگوں سے کہا ، ” لوگوں کا یہ بڑا گروہ ہمارے چاروں طرف کی تمام چیزوں کو اسی طرح تباہ کر دے گا جیسے کوئی گائے میدان کی گھاس چر جاتی ہے ۔ ” اس وقت صفور کا بیٹا بلق موآب کا بادشاہ تھا ۔ 5 اس نے کچھ آدمیوں کو بعور کے بیٹے بلعام کو بُلا نے کے لئے بھیجا ۔ بلعام ندی کے قریب فتور نام کے علاقے میں تھا ۔ بلق نے کہا ، ” لوگوں کی ایک نئی قوم مصر سے آئی ہے ۔ وہ اتنی زیادہ ہیں کہ پورے ملک میں پھیل سکتی ہیں ۔ انہوں نے ٹھیک ہمارے پاس خیمہ ڈالا ہے ۔ 6 آؤ اور میری خاطر ان پر لعنت کرو کیونکہ وہ ہم سے زیادہ طاقتور ہیں ۔ تب میں ان لوگوں کو ہرا سکوں گا اور انہیں ملک سے باہر پھینک دونگا ۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ تم جس کسی کو بھی دعا دو

گے وہ برکت و فضل پائے گا ۔ اور جس کسی کو لعنت دو گے وہ
ملعون ہو گا ۔" 7 موآب اور مدیان کے بزرگ بلعام سے بات چیت
کرنے گئے ۔ ان لوگوں نے اس کی خدمت کے لئے اپنے ساتھ رقم
اسے دینے کیلئے لے گئے تب ان لوگوں نے اسے وہ سب کچھ بتایا
جو بلق نے کہا تھا ۔ 8 بلعام نے ان سے کہا ، " یہاں رات میں رکو
۔میں خداوند سے باتیں کروں گا ۔ اور جو جواب وہ مجھے دیگا وہ
تم سے کہوں گا ۔ اس لئے اس رات موآبی لوگوں کے قائد اس کے
ساتھ ٹھہرے ۔ 9 خدا بلعام کے پاس آیا اور اس نے پوچھا ، "
تمہارے ساتھ یہ کون لوگ ہیں ؟ " 10 بلعام نے خدا سے کہا ، "
موآب کے بادشاہ صفور کا بیٹا بلق نے انہیں مجھ کو ایک پیغام
دینے کو بھیجا ہے ۔ 11 پیغام یہ ہے : لوگوں کی ایک نئی قوم مصر
سے آئی ہے ۔ وہ تعداد میں اتنی زیادہ ہیں کہ تمام ملک میں پھیل
سکتی ہیں۔ اس لئے آؤ اور میرے لئے ان پر لعنت کر۔ تب ممکن
ہے کہ ان سے لڑنے میں کامیاب ہو سکوں۔ اور اپنے ملک کو چھو
ڑنے کیلئے اُن پر دباؤ ڈال سکوں ۔" 12 لیکن خدا نے بلعام سے
کہا، " اُن کے ساتھ مت جا ؤ ۔ تمہیں ان لوگوں پر لعنت نہیں
کرنی چا ہئے ۔ کیونکہ ان پر میرا فضل و کرم ہے ۔" 13 دوسرے دن
صبح بلعام اُٹھا اور بلق کے قائدین سے کہا ، " اپنے ملک کو وا
پس جاؤ ۔ خداوند مجھے تمہارے ساتھ جانے نہیں دیگا ۔" 14
اس لئے موآبی قائدین بلق کے پاس واپس گئے اور اس سے انہوں نے
یہ باتیں کیں۔ انہوں نے کہا ، " بلعام نے ہم لوگوں کے ساتھ آنے
سے انکار کردیا ۔" 15 اس لئے بلق نے دوسرے قائدین کو بلعام
کے پاس بھیجا اُس بار اُس نے پہلی بار کے مقابلہ میں بہت زیادہ
آدمی بھیجے اور یہ قائد پہلی بار کے قائدین کے مقابلہ میں بہت
زیادہ اہم تھے ۔ 16 وہ بلعام کے پاس گئے اور انہوں نے اس سے
کہا ، " صفور کا بیٹا بلق تم سے کہتا ہے : مہربانی کر کے اپنے
کو یہاں آنے سے کسی کو روکنے نہ دو ۔ 17 جو میں تم سے
مانگتا ہوں اگر تم وہ کروگے تو میں تمہیں بہت زیادہ معاوضہ دونگا
۔ آؤ ان لوگوں پر لعنت کرو اور میری مدد کرو ۔" 18 لیکن بلعام نے

اُن لوگوں کو جواب دیا اس نے کہا ، " مجھے خداوند اپنے خدا کا حکم ماننا چا ہئے ۔ میں اس کے حکم کے خلاف کچھ نہیں کر سکتا ۔ میں بڑا چھوٹا کچھ بھی اس وقت تک نہیں کر سکتا جب تک خداوند نہیں کہتا کہ اگر بادشاہ بلق اپنے سونے چاندی بھرے خوبصورت گھر دے تو بھی اپنے خداوند کے خلاف کچھ نہیں کرو ں گا ۔ 19 لیکن تم بھی ان دوسرے لوگوں کی طرح آج کی رات یہاں ٹھہر سکتے ہو اور میں رات میں معلوم کروں گا کہ وہ مجھے اور کچھ کہتا ہے ۔ " 20 اس رات خدا بلعام کے پاس آیا ۔ خدا نے کہا ، " یہ لوگ تمہیں اپنے ساتھ لے جانے کے لئے پھر سے بُلانے آ گئے ہیں ۔ اس لئے تم ان کے ساتھ جا سکتے ہو لیکن تم صرف وہی کرو جو میں تم سے کرنے کو کہوں ۔ " 21 دوسری صبح بلعام اٹھا اور اپنے گدھے پر زین رکھی ۔ تب وہ موآبی قائدین کے ساتھ گیا ۔ 22 بلعام اپنے گدھے پر سوار تھا اس کے خادموں میں سے دو اس کے ساتھ تھے ۔ جب بلعام سفر کررہا تھا خدا اس پر غصّہ میں آ گیا۔ اس لئے خداوند کا فرشتہ بلعام کے سامنے سڑک پر کھڑا ہو گیا ۔ فرشتہ بلعام کو رو کنے جا رہا تھا ۔ 23 بلعام کے گدھے نے خداوند کے فرشتہ کو سڑک پر کھڑا دیکھا ۔ فرشتہ کے ہاتھ میں ایک تلوار تھی۔ اس لئے گدھا سڑک سے مُڑا اور کھیت میں چلا گیا ۔ بلعام فرشتہ کو نہیں دیکھ سکتا تھا اس لئے وہ گدھے پر بہت غصّہ کیا ۔ اس نے گدھے کو مارا اور اسے سڑک پر لوٹنے پر مجبور کیا ۔ 24 بعد میں خداوند کا فرشتہ دوسری جگہ پر کھڑا ہوا جہاں سڑک تنگ ہو گئی تھی ۔ یہ دو انگور کے باغوں کے درمیان کی جگہ تھی ۔ وہاں سڑک کے دونوں جانب دیواریں تھی ۔ 25 گدھے نے خداوند کے فرشتے کو پھر دیکھا ۔ اس لئے گدھا ایک دیوار سے سٹ کر نکلا ۔ اس سے بلعام کا پیر دیوار سے چھِل گیا ۔ اس لئے بلعام نے اپنے گدھے کو پھر مارا ۔ 26 اس کے بعد خداوند کا فرشتہ دوسری جگہ پر کھڑا ہوا ۔ یہ دوسری جگہ تھی جہاں سڑک تنگ ہو گئی تھی ۔ وہاں کوئی ایسی جگہ نہیں تھی جہاں گدھا مُڑ سکے ۔ دائیں یا بائیں نہیں مُڑ سکتا تھا ۔ 27

گدھے نے خداوند کے فرشتے کو دیکھا اس لئے گدھا بلعام کو
اپنی پیٹھ پر لئے ہو ئے زمین پر بیٹھ گیا ۔ بلعام گدھے پر بہت غصّہ
میں تھا اس لئے اس نے اپنے ڈنڈے سے اسے پیٹا ۔ 28 تب خداوند
نے گدھے کو بولنے کی قوت دی ، " گدھے بلعام سے کہا تم
مجھ پر کیوں غصّہ میں ہو؟ میں نے تمہارے ساتھ کیا کیا ہے ؟ تم
نے مجھے تین بار ما را ہے ۔" 29 بلعام نے گدھے کو جواب دیا ،
" تم نے دوسروں کی نظر میں مجھے بے وقوف بنا یا ہے اگر میرے
ہاتھ میں تلوار ہوتی تو میں ابھی تمہیں مار ڈالتا ۔" 30 لیکن گدھے
نے بلعام سے کہا ، " میں تمہارا اپنا گدھا ہوں جس پر تم کئی
برسو ں سے سواری کرتے ہو اور تم جانتے ہو کہ میں نے ایسا اِس
سے پہلے کبھی نہیں کیا ہے ۔ " یہ صحیح ہے " بلعام نے کہا ۔
31 تب خداوند نے بلعام کو سڑک پر کھڑے فرشتہ کو دکھایا ۔
بلعام نے خداوند کا فرشتہ اور اس کی تلوار کو دیکھا تب بلعام نے
اپنا سر زمین کی طرف جھکا یا ۔ 32 تب خداوند کا فرشتہ بلعام
سے پوچھا ، " تم نے اپنے گدھے کو تین بار کیوں مارا ؟ میں خود
تم کو روکنے آیا ہوں کیونکہ تیرا راستہ میرے بر خلا ف ہے ۔ 33
تیرے گدھے نے مجھے دیکھا اور وہ تین بار مجھ سے مُڑا ۔ اگر
گدھا مُڑا نہ ہو تا تو میں تم کو مار ڈالا ہوتا ۔ لیکن میں تمہارے
گدھے کو نہیں مارتا ۔" 34 تب بلعام نے خداوند کے فرشتے سے
کہا ، " میں نے گناہ کیا ہے ۔ میں یہ نہیں جانتا تھا کہ تم سڑک پر
کھڑے ہو ۔ اگر میں بُرا کر ہا ہوں تو میں گھر واپس ہو جا ؤں گا ۔"
35 خداوند کے فرشتے نے بلعام سے کہا ، " نہیں ! تم ان لوگوں
کے ساتھ جا سکتے ہو ۔ لیکن ہوشیار رہو ۔ وہی باتیں کہو جو میں
تم سے کہنے کیلئے کہوں گا ۔ اس لئے بلعام بلق کے بھیجے گئے
قائدین کے ساتھ گیا ۔ 36 بلق نے سُنا کہ بلعام آرہا ہے اس لئے بلق
اس سے ملنے کے لئے ارنون کی سرحد پر موآبی شہر کو گیا ۔ یہ
اس کے ملک کا کو نہ تھا ۔ 37 جب بلق نے بلعام کو دیکھا تو
اس نے بلعام سے کہا ، " میں نے اس سے پہلے تم کو آنے کیلئے
کہا تھا اور یہ بھی بتا یا تھا کہ یہ انتہا ئی اہم ہے ۔ تم ہمارے پاس

کیوں نہیں آئے ؟ کیا یہ سچ ہے کہ میں تجھے معاوضہ یا انعام دینے
کے قابل نہیں ہوں؟ " 38 لیکن بلعام نے جواب دیا ، " میں اب
تمہا رے پاس آیا ہوں۔ لیکن میں ڈرتا ہوں کہ میں شاید وہ نہ کر
سکوں جو تم مجھ سے کرنے کی امید رکھتے ہو ۔ مئیں صرف وہی
باتیں تم سے کہہ سکتا ہوں جو خداوند خدا مجھ سے کہنے کو
کہتا ہے " 39 تب بلعام بلق کے ساتھ قرئیہ حصریت کو گیا ۔ 40
بلق نے کچھ مویشی اور کچھ بھیڑ قربانی کے لئے ذبح کئے ۔ اس
نے کچھ گوشت بلعام اور کچھ اس کے ساتھ کے قائدین کو دیا ۔
41 اگلی صبح بلق بلعام کو باما ت بعل شہر کو لے گیا۔ اس جگہ
سے وہ بنی اسرا ئیلیوں کی چھا ؤنی کے سب سے نزدیکی حصّے
کو دیکھ سکتے تھے ۔

Numbers 23

بلعام نے کہا ، " یہاں سات قربانگاہیں بناؤ اور میرے لئے سات 1
بیل اور سات مینڈھے تیار کرو ۔" 2 بلق نے وہ سب کیا جو بلعام
نے کہا تھا ۔ تب بلعام نے ہر ایک قربان گاہ پر ایک بیل اور ایک
مینڈھے کی قربانی کی ۔ 3 تب بلعام نے بلق سے کہا ، " اُس
قربان گاہ کے نزدیک ٹھہرو ۔ میں دُوسری جگہ جاتا ہوں ہو سکتا
ہے خدا وند وہاں آئے اور مجھے اطلا ع دے کہ مجھے کیا کہنا
چاہئے تب میں تجھے بتاؤنگا ۔" تب بلعام ایک اُونچی جگہ پر گیا
۔ 4 خدا اُس جگہ پر بلعام کے پاس آیا اور بلعام نے کہا ، " میں نے
سات قربان گاہیں تیّار کی اور میں نے ہر ایک قربان گاہ پر ایک بیل
اور ایک مینڈھے کی قربانی پیش کی ۔" 5 تب خدا وند نے بلعام
کو وہ بتایا جو اُسے کہنا چاہئے ۔ تب خدا وند نے کہا ، " بلق کے
پاس جاؤ اور اُن باتوں کو کہو جو میں نے کہنے کے لئے بتائی ہیں
۔" 6 اِس لئے بلعام بلق کے پاس واپس آیا ۔ بلق جب قربان گاہ کے

پاس کھڑا تھا اور موآب کے تمام قائدین اُس کے ساتھ کھڑے تھے
۔ 7 تب بلعام نے اپنا پیغام سنایا : موآب کے بادشاہ بلق نے مجھے
ارام(سیریا) سے بُلایا ۔ مشرق کی پہاڑ سے بلق نے مجھ سے کہا ،
" آؤ اور میرے لئے یعقوب کے خلاف کہو ۔ آؤ اور بنی اسرائیلیوں
کے خلاف کہو ۔" 8 خدا اُن کے خلاف نہیں ہے میں بھی ان
کے خلاف نہیں کہہ سکتا خدا وند نے انکا برا ہونے کے لئے نہیں
کہا ہے میں بھی ویسا نہیں کر سکتا ۔ 9 میں اُن لوگوں کو پہاڑ پر
سے دیکھتا ہوں ۔ میں ایسے لوگوں کو دیکھتا ہوں جو اکیلے رہتے
ہیں ۔ وہ لوگ اپنے آپ کو قوموں کے حصّہ نہیں مانتے ۔ 10 یعقوب
کے لوگوں کو کون گِن سکتا ہے ۔ وہ دھول کے ذرّات سے بھی
زیادہ ہیں ۔ بنی اسرائیلیوں کی چوتھائی کو بھی کوئی گِن نہیں
سکتا ۔ مجھے ایک اچھے آدمی کی طرح مرنے دو ۔ میرا خاتمہ ان
کی طرح ہونے دو ۔ 11 بلق نے بلعام سے کہا ، " تم نے ہمارے
لئے کیا کیا ہے ؟میں نے تم کو اپنے دشمنوں پر لعنت کرنے کے لئے
بُلایا تھا لیکن اس کے بجائے تم نے انہیں دعا دی ۔" 12 لیکن
بلعام نے جواب دیا ، " مجھے وہی کہنا چاہئے جو خدا وند مجھ
سے کہلوانا چاہتا ہے ۔" 13 لیکن بلق نے کہا ، " اس لئے میرے
ساتھ دوسری جگہ پر آؤ اس جگہ سے تم لوگوں کو دیکھ سکتے ہو
۔ لیکن تم ان کے ایک حصّہ کو ہی دیکھ سکتے ہو ۔ تم سبھی کو
نہیں دیکھ سکتے ۔ اور اس جگہ سے تم میری خاطر ان پر لعنت
کرو ۔" 14 اِس لئے بلق بلعام کو صوفیم کے میدان میں لے گیا یہ
پسگہ پہاڑ کی چوٹی پر تھا ۔ بلق نے اس جگہ پر سات قربان گاہیں
بنائیں ۔ تب بلق نے ہر ایک قربان گاہ پر قربانی کے لئے ایک بیل اور
ایک مینڈھا پیش کیا ۔ 15 اِس لئے بلعام نے بلق سے کہا ، " اس
قربان گاہ کے پاس کھڑے رہو ۔ میں اس جگہ پر خدا سے ملنے
جاؤنگا ۔" 16 اِس لئے خدا وند بلعام کے پاس آیا اور اس نے بلعام
کو بتایا کہ وہ کیا کہے تب خدا وند نے بلعام کو بلق کے پاس
واپس جانے اور اُن باتوں کو کہنے کو کہا ۔ 17 اس لئے بلعام بلق
کے پاس گیا بلق جب قربان گاہ کے پاس کھڑا تھا ۔ موآب کے قائد

اُس کے ساتھ تھے ۔ بلق نے اُسے آتے ہوئے دیکھا اور اُس سے پو
چھا ، " خدا وند نے کیا کہا ؟" 18 تب بلعام نے یہ باتیں کہیں : "
بلق کھڑے رہو اور میری بات سنو ۔ صفور کے بیٹے بلق میری بات
سنو! 19 خدا انسان نہیں ہے ۔ وہ جھوٹ نہیں کہے گا ۔ خدا
انسان کا بیٹا نہیں اگر خدا وند کہتا ہے کہ وہ کچھ کرے گا تو
ضرور کریگا ۔ اگر خدا وند وعدہ کرتا ہے تو اپنے وعدے کو ضرور
پورا کرے گا ۔ 20 خدا وند نے مجھے انہیں دعا دینے کا حکم دیا
ہے ۔ خدا وند نے اُنہیں خیر و برکت عطا کی ہے ۔ اس لئے میں
اُسے بدل نہیں سکتا ۔ 21 یعقوب کے لوگوں میں کوئی قصور وار نہ
تھا ۔ بنی اسرائیل کوئی گناہ نہیں کئے تھے ۔ خداوند ان کا خدا
ہے ۔ اور وہ اُن کے ساتھ ہے ۔ اور بادشاہ کی للکار ان لوگوں کے
بیچ ہے ۔ 22 خدا اُنہیں مصر سے باہر لایا ۔ اِسرائیل کے وہ لوگ
جنگلی سانڈ کی طرح طاقتور ہیں ۔ 23 کوئی جادوئی قوّت نہیں
جو یعقوب کے لوگوں کو شکست دے سکے ۔اِسرائیل کے خلاف
کوئی جادو استعمال نہیں کیا جا سکتا ۔ یعقوب اور بنی اسرائیلیوں
کے بارے میں لوگ کہیں گے : ' دیکھو خدا کیسے کیسے عظیم
کام کئے ۔" 24 لوگ شیر ببّر کی طرح طاقتور ہونگے ۔ وہ شیر کی
طرح لڑیں گے ۔ وہ اس وقت تک آرام نہیں کریں گے جب تک کہ
وہ اپنے شکار کو مار کر کھا نہ جائے اور اسکے مردہ جسم سے
خون پی نہ جائے ۔" 25 تب بلق نے بلعام سے کہا ، " تم نے اُن
لوگوں کے لئے نہ دعا کی اور نہ ہی ان پر لعنت کی ۔" 26 بلعام نے
جواب دیا میں نے پہلے ہی تم سے کہہ دیا ، " میں صرف وہی
کہوں گا جو خدا وند مجھ سے کہنے کے لئے کہتا ہے ۔ " 27
تب بلق نے بلعام سے کہا اس لئے تم میرے ساتھ دُوسری جگہ پر
چلو ممکن ہے کہ خدا خوش ہو جائے اور تمہیں اس جگہ سے بد
دعا دینے دے ۔ 28 اس لئے بلق بلعام کو ہور پہاڑ کی چوٹی پر لے
گیا ۔ یہ پہاڑ ریگستان کے کونے پر واقع ہے ۔ 29 بلعام نے کہا ، "
یہاں سات قربان گاہیں بناؤ تب سات سانڈ اور سات مینڈھے قربان
گاہوں پر قربانی کے لئے تیّار کرو ۔" 30 بلق نے وہی کیا جو بلعام

نے کہا ۔ بلق نے ہر ایک قربان گاہ پر ایک بیل اور ایک مینڈھا کی
قربانی پیش کی ۔

Numbers 24

1 بلعام کو معلوم ہوا کہ خداوند اسرا ئیل کو فضل و برکت دینا چا
ہتا ہے ۔ اسی لئے بلعام کسی طرح کے جا دو منتر کی طرف نہیں
مُڑا جیسا کہ اس نے پہلے کیا تھا ۔ بلکہ وہ اپنا رُخ ریگستان کی
طرف کر لیا ۔ 2 بلعام نے ریگستان کے پا ر تک دیکھا اور سبھی
بنی اسرا ئیلیوں کو دیکھ لیا وہ الگ الگ اپنے خاندانی گروہ کے
علا قے میں خیمہ ڈالے ہو ئے تھے ۔ تب خدا کی روح بلعام پر آئی
۔ 3 اور بلعام نے یہ الفاظ کہے :" یہ پیغام بعور کے بیٹے بلعام کی
طرف سے ۔ میں جن چیزوں کے متعلق کہہ رہا ہوں انہیں صاف
دیکھ رہا ہوں ۔ 4 یہ الفا ظ ویسا ہی کہے گئے تھے جیسا کہ میں
نے خدا کے الفا ظ سنے تھے ۔ میں ان چیزوں کو دیکھ سکتا ہوں
جنکا کہ خدا قادرمطلق نے دیکھنے کی اجا زت دی ہے ۔ میں ان
چیزوں کو کہتا ہوں جسے میں دیکھ سکتا ہوں۔ جب میں کھلی ہو
ئی آنکھوں سے انکے سامنے سجدہ کرتا ہوں ۔ 5 "یعقوب کے لوگو
! تمہا رے خیمے بہت خوبصورت ہیں ۔ اے بنی اسرا ئیلیو تمہا
رے بسنے کی جگہ بہت خوبصورت ہے ۔ 6 تمہا رے خیمے وادی
کی طرح ملک کے ایک کونے سے دوسرے کو نے تک پھیلے ہو
ئے ہیں ۔ یہ ندی کے کنا رے اُگے باغ کی طرح ہیں ۔ یہ خداوند
کی طرف سے بوئی گئی فصل کی طرح ہے۔ یہ ندیوں کے کنا رے
اُگے دیو دار کے خوبصورت درختوں کی طرح ہیں۔ 7 تمہیں پینے
کے لئے ہمیشہ پانی ملے گا۔ تمہیں فصلیں اُگا نے کے لئے موافق
پانی ملے گا ۔ تمہا رے بادشا ہ اجاج سے بڑھ کر ہو گا ۔ تیری
سلطنت کو عروج حا صل ہو گا۔ 8 خدا ان لوگوں کو مصر سے باہر

لا یا۔ وہ اتنے طاقتور ہیں جیسے کو ئی جنگلی سانڈ ۔ وہ اپنے تمام
دشمنوں کو شکست دینگے ۔ وہ اپنے دُشمنوں کی ہڈیاں چور کر
دینگے ۔ وہ اپنے تیروں سے دشمنوں کو مار ڈا لیں گے ۔ 9 " وہ اُس
شیر ببر کی طرح ہے جو سو رہا ہے ۔ کو ئی آدمی اتنی ہمت وا لا
نہیں جو اسے جگا دے ۔ کو ئی آدمی جو تمہیں دعا دے گا وہ
دعا پا ئے گا ۔ اور کو ئی آدمی جو تمہیں لعنت دیگا لعنت پا ئیگا
۔" 10 تب بلعام پر بلق بہت غصّہ ہو ا ۔ بلق نے بلعام سے کہا ، "
میں چا ہتا ہوں کہ تم آؤ اور ہم لوگوں کے دشمنوں پر لعنت کرو ۔
لیکن تم نے اُن کو دعا دی ہے ۔ تم نے انہیں تین بار دعا دی ہے ۔
11 اب رخصت ہو اور گھر جا ؤ ۔ میں نے کہا تھا کہ میں تمہیں
بہت زیادہ معاوضہ دونگا ۔ لیکن خداوند نے تمہیں انعام حاصل
کرنے سے محروم کیا ہے ۔" 12 بلعام نے بلق سے کہا ، " تم نے
آدمیوں کو میرے پاس بھیجا ۔ اُن آدمیوں نے مجھ سے آنے کیلئے
کہا لیکن میں نے اُن سے کہا ۔ 13 ' بلق اپنا سونے چاندی سے
بھرا گھر مجھ کو دے سکتا ہے لیکن میں تب بھی صرف وہی
بات کہہ سکتا ہوں۔ جسے کہنے کے لئے خداوند حکم دیتا ہے ۔
میں اچھا یا بُرا بالکل کچھ نہیں کرسکتا ۔ مجھے وہی کرنا چا ہئے
جو خداوند کا حکم ہو ۔' کیا تمہیں یاد نہیں کہ میں نے یہ باتیں
تمہا رے لوگوں سے کہیں ؟ 14 اب میں اپنے لوگوں کے بیچ جا رہا
ہوں لیکن تم کو ایک بات کی ہدایت کر نا چا ہتا ہوں۔ میں تم سے
کہنا چا ہتا ہوں کہ مستقبل میں بنی اسرا ئیل تمہا رے لوگوں کے
ساتھ کیا کریں گے ؟" 15 تب بلعام نے یہ باتیں کہیں ۔ " بعور کے
بیٹے بلعام کے یہ الفاظ ہیں : یہ اس آدمی کے الفاظ ہیں جو چیزوں
کو صاف صاف دیکھ سکتا ہے ۔ 16 یہ اس آدمی کے الفا ظ ہیں
جو خدا کی باتیں سنتا ہے ۔ سچے خدانے مجھے علم دیا ہے ۔
میں نے وہ دیکھا ہے جسے خدائے تعالیٰ قادرِ مطلق نے مجھے
دکھا نا چا ہا ہے ۔ میں جو کچھ دیکھتا ہوں وہی سچا ئی کے
ساتھ کہتا ہوں۔ 17 " میں خداوند کو دیکھتا ہوں لیکن اب نہیں ۔
میں اسکو آتا ہوا دیکھتا ہوں لیکن جلد نہیں۔ یعقوب کے خاندان

سے ایک ستارہ آئے گا ۔ بنی اسرا ئیلیوں میں سے ایک نیا حاکم آئے گا ۔ وہ حاکم موآبی لوگوں پر ظلم کریگا اور اسے مار ڈالے گا۔ وہ حاکم شعیر کے سبھی بیٹوں پر ظلم کرے گا اور اسے مار ڈالے گا۔ 18 ملک ادوم کی شکست ہو گی ۔ نئے بادشاہ کا دُشمن شعیر شکست کھا جا ئے گا ۔ بنی اسرا ئیل طاقتور ہو جا ئیں گے ۔ 19 " یعقوب کے خاندا ن سے ایک نیا حاکم آئے گا۔ شہر میں زندہ بچے تمام لوگوں کو وہ حاکم تباہ کر یگا۔" 20 تب بلعام نے اپنے عمالیقی لوگوں کو دیکھا اور ان سے یہ باتیں کہیں: " سبھی قومو ں میں عمالیق سب سے پہلی قوم تھی ۔ لیکن عما لیق بھی تباہ کیا جا ئے گا ۔" 21 تب بلعام نے قینیوں کو دیکھا اور ان سے یہ باتیں کہیں :" تمہیں بھروسہ ہے کہ تمہا را ملک اسی طرح محفوظ ہے جیسے کسی اونچے کھڑے پہا ڑ پر بنا گھونسلہ۔" 22 لیکن قینیو! تم تباہ کئے جا ؤ گے ۔ اسور تمہیں قیدی بنا ئے گا ۔ 23 تب بلعام نے یہ الفاظ کہے : کو ئی آدمی نہیں رہ سکتا جب خدا یہ کرتا ہے ۔ 24 پر کتّیم کے ساحل سے جہاز آئیں گے ۔ وہ جہا ز اسور اور عبر کو شکست دیں گے ۔ لیکن وہ لو گ بھی تباہ کر دئے جا ئیں گے ۔ 25 تب بلعام اٹھا اپنے گھر کو واپس ہو گیا اور بلق بھی اپنا رستہ اختیار کیا

قصہ گھرنٹ ہے کیونکہ اس میں کہا گیا کہ مصر سے نکلتے ہی مواب اور کنعان والے بنی اسرائیل کے مخالف ہو چلے تھے وہ علاقے کے نبیوں سے یا اولیاء سے بنی اسرائیل کے خلاف دعا کرواتے جو وہ بادل نخواستہ کرتے – جبکہ قرآن کہتا ہے کہ ارض مقدس سر زمین کنعان و مواب میں موسی اور ان کی قوم داخل ہی نہ ہو سکے – چالیس سال تک صحراء میں ہی بھٹکتے رہے- اس قصے سے اہل کتاب ثابت کرتے ہیں کہ انبیاء صرف بنی اسرائیل کے ہی ہیں جو غیر بنی اسرائیل کے تھے ان کی نبوت صلب ہو گئی جیسے ہی انہوں نے بنی اسرائیل کے خلاف زبان کھولی - اس بنا پر ان کے معابد (سنا گوگ) میں اس قصے کو دلیل کے طور پیش کیا جاتا ہے کہ نعوذ باللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک جھوٹے نبی تھے

تلمود کے مطابق بلعم کے واقعہ کے بعد موسی نے بددعا دی کہ آج کے بعد کوئی غیر بنی اسرائیلی شخص نبی نہ بن سکے

یروشلم میں حشر دوم سے قبل یہودییوں کی ایک شوری تھی جس کو

Sanhedrin

صنحدرن کہا جاتا ہے- وہ یہ فتوی دیتی تھی کہ کون نبی ہے ،کون نہیں ہے اور اسی صنحدرن کا فتوی تھا کہ عیسیٰ نبی نہیں ہے کیونکہ یہ (نعوذ باللہ) ابن اللہ ہونے کا دعوی کر رہا ہے جیسا بائبل میں بیان ہوا ہے- یمنی یہودی اس کے خلاف کہتے تھے ان کے نزدیک غیر بنی اسرائیل میں بھی نبی ہو سکتا ہے اور یہ اہم بات ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ اوائل اسلام میں جتنے بھی یہودی دور نبوی اور دور خلفاء میں اسلام قبول کرنے والے ہیں اکثر یمنی یہودی تھے – اس کے برعکس عراق و بابل و شام کے یہودی اپنے عقیدے پر قائم رہے

اہل کتاب نے موجودہ توریت پر تحقیق کی ہے اور ان کے مطابق موجودہ توریت اصل میں متخالف عقیدوں کے یہودیوں کی کتب کا مجموعہ ہے اس کو

Documentary Hypothesis

کہا جاتا ہے – راقم اس قول سے متفق ہے اور میری تحقیق میں توریت کتاب استثنا باب ۱۲ سے ۲۲ ہی صرف اصل توریت ہے – باقی سب قصے ہیں جو یہود نے جمع کیے ان کی صحت دکھے بغیر ان کو اصل توریت کے شروع میں اور آخر میں لگا دیا یا انہوں نے واقعات کو گھڑا

Documentary Hypothesis

کے مطابق بلعم کا قصہ اس گروہ نے بیان کیا جو کتاب استثنا کے خلاف تھا یعنی اصل توریت کو چھپاتا تھا

ابن کثیر نے اس کا ایک نام بَلْعَامُ (یا بُلْعُمُ) ابْنُ بَاعُورَ بْنِ شُهُومَ بن قوشتم ابن مَابَ بْنِ لُوطِ بْنِ هَارَانَ بھی ذکر کیا ہے یعنی ال لوط میں سے تھا

بلعم باعور پر تفسیروں میں متضاد قصے ہیں کوئی اس کو بنی اسرائیل کا کہتا ہے ، کوئی کنعان کا، کوئی بلقاء نامی کسی بستی کا ،کوئی موسی کا سفیر کہتا ہے تو کوئی اس کو یمن کا کہتا ہے کوئی غیر بنی اسرائیلی لیکن ال لوط کا کہتا ہے اور یہ تمام اقوال راویوں نے اصحاب رسول سے منسوب کیے ہیں

قرآن سوره الاعراف آیت ۷۵ میں ہے

(175) وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِىَ اٰتَيْنَاهُ اٰيَاتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْـهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ الْغَاوِيْنَ

اور انہیں اس شخص کا حال سنا دے جسے ہم نے اپنی آیتیں دی تھیں پھر وہ ان سے نکل گیا پھر اس کے پیچھے شیطان لگا تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیا۔

ہمارے مفسرین نے اپنی تفسیروں میں اس قصے کو سوره اعراف کی آیت وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِيَ آتَيْنَاهُ کے حوالے سے بلاسند نقل کیا ہے کوئی صحابی اس کو بني إسرائيل کا بتا رہا ہے تو کوئی کنعان کا کہتا ہے مثلا

البحر المديد في تفسير القرآن المجيد از أبو العباس أحمد بن محمد الفاسي الصوفي (المتوفى: ١٢٢٤ ھ) نے اس کو بیان کیا ہے

وقال ابن عباس: هو رجل من الكنعانيين، اسمه: «بلعم» ، كان عنده الاسم الأعظم، فلما أراد موسى قتل الكنعانيين، وهم الجبارون، سألوه أن يدعو على موسى باسم الله الأعظم، فأبى، فألحوا عليه حتى دعا ألا يدخل المدينة، ودعا موسى عليه. فالآيات التي أعطيها، على هذا: اسم الله الأعظم

ابن عباس کا کہنا ہے یہ غير بني إسرائيل کا تھا

تفسير البغوي الشافعي (المتوفى : 510ھ) میں ہے

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هُوَ بَلْعَمُ بْنُ بَاعُورَاءَ. وقال مجاهد: بلعام بن باعور. وَقَالَ عَطِيَّةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: كَانَ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ.

یہ بھی لکھا ہے

فَدَعَا مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنْ يُنْزَعَ عَنْهُ الِاسْمُ الْأَعْظَمُ وَالْإِيمَانُ، فَنَزَعَ اللَّهُ عَنْهُ الْمَعْرِفَةَ وَسَلَخَهُ منها فخرجت منه صورة كَحَمَامَةٍ بَيْضَاءَ،

موسى نے اس کے خلاف دعا کی تو اس سے الِاسْمُ الْأَعْظَمَ کا علم اور ایمان جاتا رہا اور کبوتری کے انڈے کی شکل میں اس سے نکل آیا

ایک قول ابن مسعود سے منسوب کیا گیا ہے

عن ابن مسعود – رضي الله عنه – في هذه الآية قال: نزلت في بلعم بن أَبَر. أخرجه الطبري في تفسيره (10/ 567)، والنسائي في الكبرى (11193)، وابن أبي حاتم (1616)، والطبراني (9064)، وورد عن ابن عباس – رضي الله عنهما – قال: نزلت في بَلْعَم بن باعرا رجل من مدينة الجبارين وكذا روي عن مجاهد، أخرجه الطبري في تفسيره (10/ 568)، وانظر تفاصيل القصة عند الطبري (10/ 576).

تفسیر طبری میں ہے

حدثنا ابن حميد قال: حدثنا جرير، عن منصور، عن أبي الضحى، عن مسروق، عن ابن مسعود، في قوله: (واتل عليهم نبأ الذي آتيناه آياتنا) قال: رجل من بني إسرائيل يقال له: بَلْعَم بن أَبَر.

ابن مسعود نے اس آیت پر کہا یہ بني إسرائيل کے ایک شخص بَلْعَم بن أَبَر کے بارے میں ہے

سند میں أَبُو الضُّحَى، مُسْلِمُ بْنُ صُبَيْحٍ کا تفرد ہے

اسی سند سے مستدرک حاکم میں ہے

أَخْبَرَنِي أَبُو عَبْدِ اللَّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبَّادٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنْبَأَ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَمَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ " {وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا} [الأعراف: 175] " قَالَ: هُوَ بَلْعَمُ بْنُ بَاعُورَاءَ

أَبُو الضُّحَى، مُسْلِمُ بْنُ صُبَيْحٍ نے اب نام بدل کر بَلْعَمُ بْنُ بَاعُورَاءَ کر دیا ہے

راقم سمجھتا ہے کہ اس قول کو ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے منسوب کیا گیا ہے

تفسير حدائق الروح والريحان في روابي علوم القرآن از محمد الأمين بن عبد الله الأرمي العلوي الهرري الشافعي میں ہے

وقال (2) ابن مسعود: هو رجل من بني إسرائيل، بعثه موسى إلى ملك مدين داعيا إلى الله، فرشاه الملك، وأعطاه الملك على أنّ يترك دين موسى، ويتابع الملك على دينه، ففعل وأضل الناس بذلك.

ابن مسعود نے کہا یہ بنی اسرائیل کا تھا موسی کا مشرک بادشاہ کی طرف سفیر تھا اس کے ساتھ مل گیا اور لوگوں کو گمراہ کیا

راقم کہتا ہے یہ قول کیسے صحیح ہے؟ بنی اسرائیل تو صحراء میں بھٹک رہے تھے اور کنعان میں داخلے سے ہی انکار کر چکے تھے جیسا قرآن میں ہے تو یہ واقعہ کب ہوا ؟ ایسا ممکن نہیں کہ یہ ہوا ہو – موسی علیہ السلام کو تو حکم دیا گیا کہ کنعان پر حملہ کرو انہوں نے ایک خفیہ مشن کنعان پر بھیجا جس نے واپس آ کر کہا کہ ہم نہیں لڑیں گے تم اور تمہارا رب لڑے گا

قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ ۛ أَرْبَعِينَ سَنَةً ۛ يَتِيهُونَ فِي ٱلْأَرْضِ ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْفَٰسِقِينَ

فرمایا یہ ان پر چالیس سال حرام ہے ، زمین پر بھٹکتے پھریں گے پس فاسقوں پر افسوس مت کرنا

افسوس ابن کثیر کا ذہن اس طرف گیا لیکن انہوں نے غور نہیں کیا تفسیر میں لکھا

وَأَجْمَعُوا عَلَى أَنَّ بِلْعَامَ بْنَ بَاعُورَا أَعَانَ الْجَبَّارِينَ بِالدُّعَاءِ عَلَى مُوسَى، قَالَ: وَمَا ذَاكَ إِلَّا بَعْدَ التِّيهِ، لِأَنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ التِّيهِ لَا يَخَافُونَ مِنْ مُوسَى وَقَوْمِهِ، هَذَا اسْتِدْلَالُهُ،

اس پر اجماع ہے کہ بِلْعَامَ بْنَ بَاعُورَا جو ہے وہ سرکشوں میں سے تھا اپنی اس دعا کی وجہ سے جو موسی پر کی اور کہا کہ یہ واقعہ بعد دشت التیہ ہوا کیونکہ اس دشت سے قبل تو بنی اسرائیل اور موسی سے یہ ڈرتے نہیں تھے یہ استدلال ہے

راقم کہتا ہے کہ موسی کی خود وفات اسی دشت تیہ میں ہوئی وہ بنی اسرائیل کے ساتھ ہی اس صحرا میں رہے یہاں تک کہ ٤٠ سال گزر گئے اور اس دوران موسی علیہ السلام کی وفات ہوئی – یعنی کنعان (ارض مقدس) والوں سے ان کی کوئی ملاقات نہ ہوئی

تفسیر مراح لبيد لكشف معنى القرآن المجيد از المؤلف: محمد بن عمر نووي الجاوي البنتني إقليما، التناري بلدا (المتوفى: 1316ہ) میں ہے

قال ابن عباس وابن مسعود ومجاهد رحمهم الله تعالى: نزلت هذه الآية في بلعم بن باعوراء، وذلك لأن موسى عليه السلام قصد بلده الذي هو فيه وغزا أهله وكانوا كفارا، فطلبوا منه أن يدعو على موسى عليه السلام وقومه وكان مجاب الدعوة

ابن عباس و ابن مسعود اور مجاہد نے کہا یہ بلعم بن باعوراء کے بارے میں ہے اور یہ اس وقت ہوا جب موسی نے ایک شہر جہاں لوگ مشرک تھے پر غزوہ کا قصد کیا تو اہل شہر نے بلعم بن باعوراء کو طلب کیا کہ وہ موسی اور ان کی قوم کے خلاف دعا کرے اور اس کی دعا قبول ہوتی تھی

تفسیر طبری میں ہے

حدثني محمد بن سعد قال: ثني أبي قال: ثني عمي قال: ثني أبي، عن أبيه، عن ابن عباس، قوله: (واتل عليهم نبأ الذي آتيناه آياتنا فانسلخ منها) قال: هو رجل يدعى بلعم، من أهل اليمن.

ابن عباس نے کہا یہ یمن کے شخص بلعم کے بارے میں ہے

راقم کہتا ہے سند میں عطیہ العوفی سخت ضعیف ہے اور یہ بلعم اب یمنی ہو گیا ہے

تفسیر طبری میں ہے

حدثني المثنى قال: حدثنا عبد الله بن صالح قال: حدثني معاوية، عن علي، عن ابن عباس، قوله: (واتل عليهم نبأ الذي آتيناه آياتنا فانسلخ منها) قال: هو رجل من مدينة الجبارين يقال له: بلعم

علی بن ابی طلحہ کا سماع ابن عباس سے نہیں ہے

علي بن أبي طلحة قال دحيم لم يسمع التفسير من بن عباس وقال أبو حاتم علي بن أبي طلحة عن بن عباس مرسل

شیعہ تفسیروں میں بھی اس کا ذکر ہے اور تفسیر قمی میں اسکو ال فرعون کے ہمدردوں میں سے کہا گیا ہے جس کو اسم اعظم کا علم تھا اس کی دعا قبول ہوتی تھی

عن الحسين بن خالد عن أبي الحسن الرضا عليه السلام أنه أعطى بلعم بن باعورا الاسم الأعظم فكان يدعو به فيستجيب له فمال الى فرعون فلما مر فرعون في طلب موسى وأصحابه، قال فرعون لبلعم: ادع الله على موسى وأصحابه ليحبسه علينا

امام أبي الحسن الرضا نے کہا بلعم بن باعورا کو اسم الأعظم دیا گیا تھا وہ اس سے دعا کرتا تو قبول ہوتی پس فرعون اس کی طرف مائل ہوا اور موسی اور ان کے اصحاب کو طلب کیا اور اس سے کہا اللہ سے موسی اور ان کے اصحاب کے لئے دعا کرو

شیعہ کتاب مستدرك سفينة البحار از علي النمازي میں ہے

بلعم بن باعور كان من ولد لوط يعرف اسم الله الأعظم فمال إلى فرعون وآثر الحياة الدّنيا وأراد الدعاء على موسى وبني إسرائيل

بلعم بن باعور کا تعلق لوط علیہ السلام کی اولاد سے تھا وہ اسم اللہ الأعظم جانتا تھا پس فرعون اس کی طرف مائل ہوا .. اور اس نے ارادہ کیا کہ موسی اور ان کی قوم کے خلاف دعا کرے

یعنی یہ بنی اسرائیل کا نہیں تھا یہ بنی لوط کا تھا

شیعہ تفسیر بحار الأنوار محمد باقر المجلسيی میں ہے

قال الصادق عليه السلام: لا يكون في الجنة من البهائم سوى حمارة بلعم ابن باعور

امام جعفر نے کہا چوپائے جنت میں نہیں جائیں گے سوائے بلعم ابن باعور کے گدھے کے

شیعوں کے بقول بلعم تو فرعون کا درباری ال لوط علیہ السلام میں سے تھا

گویا نسل ابراہیم اور نسل لوط میں بیر تھا جو فرعون کو بھی پتا تھا - یاللعجب

کتاب گنتی میں ہے کہ بلعم باعور جو یہود کے مطابق یہ ایک کشفی تھا یا غیر بنی اسرائیلی نبی تھا جو بنی اسرائیل کے خلاف پیشین گوئیاں کرتا تھا - اس کی ایک پیشین گوئی تھی کہ داود کی نسل سے نبی اسرائیل میں کوئی آئے گا

Book of Numbers chapter 28

A star will come out of Jacob

یعقوب (کی نسل) سے ایک تارہ نکلے گا

یہودی مورخ جوسیفس کے بقول غیر بنی اسرائیلی بلعم باعور ایک ساحر تھا[2] بہر الحال یہ بات یہود میں مشہور ہوئی اور یہود ، یعقوب علیہ السلام کی نسل سے ایک مسیح کا انتظار کرنے لگ گئے -

عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ کا اس آیت پر کہنا تھا کہ اس میں جو شخص مراد ہے وہ أمية بن أبي الصلت الثقفي ہے

قال ابن أبي حاتم: حدثنا يونس بن حبيب، حدثنا أبو داود، حدثنا شعبة، أخبرني يعلى بن عطاء قال: سمعت نافع بن عاصم يقول: سمعت عبد الله بن عمرو يقول في ہذه الآية (واتل عليهم نبأ الذي آتيناه آياتنا فانسلخ منها) ، قال: ہو أمية بن أبي الصلت الثقفي.

ابن حجر نے ابن حجر في الفتح (154/7) میں اس قول کی سند کو قوی قرار دیا ہے وروی ابن مردويه بإسناد قوي عن عبد الله بن عمرو ابن العاص

2

Philo, *De Vita Moysis*, i. 48: "a man renowned above all men for his skill as a diviner and a prophet, who foretold to the various nations important events, abundance and rain, or droughts and famine, inundations or pestilence."

عبد الله بن عمرو اور اہل کتاب کی کتب

ابن کثیر کی کتاب البداية والنهاية دیکھی اس میں وہ عبد اللہ بن عمرو ایک کی روایت پر کہتے ہیں

وَرَفْعُهُ فِيهِ نَكَارَةٌ، لَعَلَّهُ مِنَ الزَّامِلَتَيْنِ اللَّتَيْنِ أَصَابَهُمَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو يَوْمَ الْيَرْمُوكِ مِنْ كُتُبِ أَهْلِ الْكِتَابِ، فَكَانَ يُحَدِّثُ مِنْهُمَا أَشْيَاءَ غَرَائِبَ.

اور اس میں نکارت کو بلند کیا ہے لگتا ہے ان اونٹنیوں والی کتب جو اہل کتاب میں سے تھیں جو ان کے ہاتھ لگیں یوم یرموک میں پس اس سے غریب چیزیں روایت کرتے

اس بات کو سات دفعہ کتاب میں ابن کثیر نے لکھا ہے جس سے صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے بغض کا اندازہ ہوتا ہے

اس کتاب البداية والنهاية میں ابن کثیر ج ۲ ص ۲۹۹ کہتے ہیں کہ انکی روایات

وكان فيهما إسرائيليات يحدث منها وَفِيهِمَا مُنْكَرَاتٌ وَغَرَائِبُ.

ان إسرائيليات میں سے تھیں جن کو عبد اللہ روایت کرتے اور ان میں منکرات اور غریب روایات تھیں

راقم کہتا ہے نقل کے لئے عقل درکار ہے ، وہ روایات جن پر ابن کثیر نے عبد اللہ بن عمرو پر إسرائيليات بیان کرنے کا الزام لگآیا ہے وہ سات روایات ہیں ان سات روایات کو

رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ (منکرات روایت کرنے کے لئے مشہور ہے قال البخاری : عنده مناكير) نے

مُجَاهِدٍ (سماع میں اختلاف ہے اختلف في روايته عن عبد الله بن عمرو فقيل لم يسمع منه جامع التحصيل في أحكام المراسيل از العلائي (المتوفى: 761ھ)) نے

وہب بن جابر الخیوانی (مجھول ہے دیکھئے میزان الآعتدال از الذھبی) نے

حيي بن عبد الله بن شريح المعافري (ضعيف) نے روایت کیا ہے

جو یا تو ضیف ہیں یا مجھول ہیں یا منکر روایت بیان کرنے کے لئے مشھور ہیں تو عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا کیا قصور ہے؟ قصور تو ان راویوں کا ہے جنہوں نے ان مکزوبہ اسرائیلیات کو ان سے منسوب کیا

تفسیر ابن کثیر میں سورہ ال عمران ، الانعام میں بھی اس الزام کو دہرایا گیا

إنه من مفردات ابن لهيعة ، وهو ضعيف ، والأشبه – والله أعلم – أن يكون موقوفاً على عبد الله بن عمرو بن العاص ، ويكون من الزاملتين اللتين أصابها يوم اليرموك

بے شک اس میں ابن لہیعة کا تفرد ہے جو ضعیف ہے اور مجھ کو شبہ ہے اللہ کو پتا ہے کہ یہ روایت عبد اللہ بن عمرو بن موقوف ہے ہو سکتا ہے یہ ان میں سے جو دو اونٹنیوں پر لدی ہوئی تھیں

راقم کہتا ہے ابن کثیر کا قول باطل ہے کہ عبد اللہ بن عمرو ان کتب اہل کتاب سے روایت کر رہے تھے – راقم کو اس گمان کی کوئی صریح دلیل نہیں ملی جس میں صحیح سند سے انہوں نے اسرائیلیات کو روایت کیا ہو –اللہ کو حقیقت کی خبر ہے

مملکت سلیمان کا ذکر

مملکت سلیمان قوم نبی اسرائیل کا گولڈن دور تھا – ہر طرف مال و دولت کی کثرت ، عظیم عمارات ، محراب و تمثیلین وغیرہ یروشلم میں جنات سے نبوائے گئے لیکن سلیمان کے بیٹے رحبوم کی وفات کے بعد جب بنی اسرائیل میں پھوٹ پڑی تو انہوں نے الٹا سلیمان علیہ السلام کو ایک جادو گر قرار دے دیا – شیعہ راویوں المنھال بن عمرو نے بیان کیا جو یمنی اسدی قبیلہ کا تھا نے بیان کیا - تفسیر ابن ابی حاتم ح رقم ١٨٣٥٥ میں ہے

قَوْلُهُ تَعَالَى: وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ

وَبِسَنَدٍ قَوِيٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: أَرَادَ سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلامُ أَنْ يَدْخُلَ الْخَلاءَ – فَأَعْطَى الْجَرَادَةَ خَاتَمَهُ وَكَانَتِ امْرَأَتُهُ، وَكَانَتْ أَحَبَّ نِسَائِهِ إِلَيْهِ فَجَاءَ الشَّيْطَانُ فِي صُورَةِ سُلَيْمَانَ فَقَالَ لَهَا: هَاتِي خَاتَمِي فَأَعْطَتْهُ فَلَمَّا لَبِسَهُ دَانَتْ لَهُ الْجِنُّ وَالْإِنْسُ وَالشَّيَاطِينُ، فَلَمَّا خَرَجَ سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلامُ مِنَ الْخَلَاءِ قال لها: هَاتِي خَاتَمِي فَقَالَتْ: قَدْ أَعْطَيْتُهُ سُلَيْمَانَ قَالَ: أَنَا سُلَيْمَانُ قَالَتْ: كَذَبْتَ لَسْتَ سُلَيْمَانَ فَجَعَلَ لَا يَأْتِي أَحَدًا يَقُولُ: أَنَا سُلَيْمَانُ إِلا كَذَّبَهُ حَتَّى جَعَلَ الصِّبْيَانُ يَرْمُونَهُ بِالْحِجَارَةِ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ عَرَفَ أَنَّهُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقَامَ الشَّيْطَانُ يَحْكُمُ بَيْنَ النَّاسِ - فَلَمَّا أَرَادَ اللَّهُ تَعَالَى أَنْ يَرُدَّ عَلَى سليمان عليه السلام سلطانه أَلْقَى فِي قُلُوبِ النَّاسِ إِنْكَارَ ذَلِكَ الشَّيْطَانِ فَأَرْسَلُوا إِلَى نِسَاءِ «1» سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالُوا لهن أيكون من سليمان شيء؟ قلنا: نَعَمْ إِنَّهُ يَأْتِينَا وَنَحْنُ حُيَّضٌ، وَمَا كَانَ يَأْتِينَا قَبْلَ ذَلِكَ

قوی سند کے ساتھ ابن عباس سے نقل کیا گیا ہے کہ جب سلیمان علیہ السلام بیت الخلاء میں جاتے، اپنی انگوٹھی جرادہ کو دیتے، جو کہ ان کی بیوی تھی، اور سب سے عزیز تھی۔ شیطان ، سلیمان کی صورت میں اس کے پاس آیا، اور کہا کہ مجھے میری انگوٹھی دو۔ تو اس نے دے دی۔ جب اس نے پہن لی، تو سب جن و انس و شیطان اس کے قابو میں آ گئے۔ جب سلیمان علیہ السلام نکلے، تو اس سے کہا کہ مجھے انگوٹھی دو۔ اس نے کہا کہ وہ تو میں سلیمان کو دے چکی ہوں۔ آپ نے کہا کہ میں سلیمان ہوں۔ اس نے کہا کہ تم جھوٹ بولتے ہو، تم سلیمان نہیں۔ پس اس کے بعد ایسا کوئی نہیں تھا کہ جس سے انہوں نے کہا ہو کہ میں سلیمان ہوں، اور ان کی تکذیب نہ کی گئی ہو۔ یہاں تک کہ بچوں نے انہیں پتھروں سے مارا۔ جب انہوں نے یہ دیکھا تو سمجھ گئے کہ یہ اللہ کا امر ہے۔ شیطان لوگوں میں حکومت کرنے لگا- جب اللہ نے اس بات کا ارادہ کیا کہ حضرت سلیمان کو ان کی سلطنت واپس کی جائے تو انہوں نے لوگوں کے دلوں میں القا کیا کہ اس شیطان کا انکار کریں۔ پس وہ ان کی بیویوں کے پاس گئے اور ان

سے پوچھا کہ آپ کو سلیمان میں کوئی چیز نظر آئی؟ انہوں نے کہا کہ ہاں! اب وہ ہمارے پاس حیض کے دونوں میں بھی آتے ہیں، جب کہ پہلے ایسا نہیں تھا۔

یہی واقعہ ابن کثیر نے بھی اپنی تفسیر، ج 7، ص 59-60 میں درج کیا ہے۔ سند کے بارے میں انہوں نے بھی یہی کہا ہے کہ

إسناده إلى ابن عباس رضي الله عنهما قَوِيٌّ، وَلَكِنَّ الظَّاهِرَ أَنَّهُ إِنَّمَا تَلَقَّاهُ ابْنُ عباس رضي الله عنهما إِنْ صَحَّ عَنْهُ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَفِيهِمْ طائفة لا يعتقدون نبوة سليمان عليه الصلاة والسلام فَالظَّاهِرُ أَنَّهُمْ يَكْذِبُونَ عَلَيْهِ، وَلِهَذَا كَانَ فِي هذا السِّيَاقِ مُنْكَرَاتٌ مِنْ أَشَدِّهَا ذِكْرُ النِّسَاءِ فَإِنَّ المشهور عن مجاهد وغير واحد من أئمة السلف أَنَّ ذَلِكَ الْجِنِّيَّ لَمْ يُسَلَّطْ عَلَى نِسَاءِ سليمان بل عصمهن الله عز وجل منه تشريفا وتكريما لنبيه عليه السلام. وَقَدْ رُوِيَتْ هَذِهِ الْقِصَّةُ مُطَوَّلَةً عَنْ جَمَاعَةٍ من السلف رضي الله عنهم كَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَزَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ وَجَمَاعَةٍ آخَرِينَ وَكُلُّهَا مُتَلَقَّاةٌ مِنْ قَصَصِ أَهْلِ الْكِتَابِ، والله سبحانه وتعالى أعلم بالصواب.

راقم کہتا ہے تفسیر ابن حاتم ۹۰۰ صفحات کی کتاب ہے اس میں کسی بھی روایت پر سند قوی یا ضعیف یا صحیح نہیں ملتا

یہ واحد روایت 18355 ہے جس پر وَبِسَنَدٍ قَوِيٍ سند قوی ملتا ہے لیکن حیرت ہے کہ اس کی سند ابن ابی حاتم نے نہیں دی- لگتا ہے اس میں تصرف و تحریف ہوئی ہے جب سند ہے ہی نہیں تو قوی کیسے ہوئی؟

راقم نے تلاش کیا تو کتاب : الدخيل في التفسير المؤلف: مناهج جامعة المدينة العالمية کے مطابق اس کی سند ہے

ومن أنكرها أيضًا ما قال ابن أبي حاتم: حدثنا علي بن حسين، قال: حدثنا محمد بن العلاء وعثمان بن أبي شيبة وعلي بن محمد، قال: حدثنا أبو معاوية، قال: أخبرنا الأعمش، عن المنهال بن عمرو، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس -رضي الله عنهما- في قوله – تعال ى-: {وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ} ، قال: أراد سليمان -عليه الصلاة والسلام- أن يدخل الخلاء وكذا وكذا؛ ذكر الرواية التي سبق ذكرها

اس کی سند میں المنهال بن عمرو ہے جو ضعیف ہے اور کٹر شیعہ ہے

شیعہ کتاب مستدرك الوسائل – الميرزا النوري الطبرسي – ج 13 – ص 105 میں آصف بن برخیا کا ذکر ہے کہ

العياشي في تفسيره : عن أبي بصير ، عن أبي جعفر (عليه السلام) قال : " لما هلك سليمان ، وضع إبليس السحر ، ثم كتبه في كتاب وطواه وكتب على ظهره : هذا ما وضع آصف بن برخيا للملك سليمان بن داود (عليهما السلام) من ذخائر كنوز العلم ، من أراد كذا وكذا فليقل كذا وكذا ، ثم دفنه تحت السرير ، ثم استثاره لهم ، فقال الكافرون : ما كان يغلبنا سليمان الا بهذا ، وقال المؤمنون : هو عبد الله ونبيه ، فقال الله في كتابه : (واتبعوا ما تتلوا الشياطين على ملك سليمان) اي : السحر

العياشي اپنی تفسیر میں کہتے ہیں عن أبي بصير ، عن أبي جعفر (عليه السلام) سے کہ امام ابی جعفر نے کہا جب سلیمان ہلاک ہوئے تو ابلیس نے سحر لیا اور ایک کتاب لکھی ..(اور لوگوں کو ورغلایا). یہ وہ کتاب تھی جو اصف کو سلیمان سے حاصل ہوئی جو علم کا خزانہ ہے جو اس میں یہ اور یہ کہے اس کو یہ یہ ملے گا پھر اس سحر کی کتاب کو تخت کے نیچے دفن کر دیا پھر اس کو (دھوکہ دینے کے لئے واپس) نکالا اور کافروں نے کہا ہم پر سلیمان غالب نہیں آ سکتا تھا سوائے اس (جادو) کے (زور سے) اور ایمان والوں نے کہا وہ تو اللہ کے نبی تھے پس اللہ نے اپنی کتاب میں کہا اور لگے وہ (یہود) اس علم کے پیچھے جو شیاطین ملک سلیمان کے بارے میں پڑھتے تھے یعنی جادو

شیعوں کے نزدیک آصف بن برخیا اصل میں سلیمان علیہ السلام کے امام بنے اور وہ ایک خاص علم رکھتے تھے اور بعد میں شیطان نے آصف بن برخیا کے نام سے جادو کی کتاب لکھ کر تخت سلیمان کے نیچے دفن کی تاکہ لوگ گمراہ ہوں

راقم کہتا ہے یہ سب اسرائیلیات میں سے منکر کلام ہے

قتادہ بصری سے منسوب ہے

عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ نا مَعْمَرٌ , عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: «كَتَبَتِ الشَّيَاطِينُ كُتُبًا فِيهَا كُفْرٌ وَشِرْكٌ , ثُمَّ دَفَنَتْ تِلْكَ الْكُتُبَ تَحْتَ كُرْسِيِّ سُلَيْمَانَ , فَلَمَّا مَاتَ سُلَيْمَانُ اسْتَخْرَجَ النَّاسُ تِلْكَ الْكُتُبَ» فَقَالُوا: هَذَا عِلْمٌ كَتَمَنَاهُ سُلَيْمَانُ فَقَالَ اللَّهُ: {وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُوا الشَّيَاطِينُ عَلَى مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَكِنَّ الشَّيَاطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ} [البقرة: 102]

شیاطین نے کتابیں لکھیں جس میں کفر و شرک تھا پھر ان کو سلیمان کے تخت کے نیچے چھپا دیا پھر جب سلیمان کی وفات ہوئی تو لوگوں نے ان کو نکالا اور کہا یہ وہ علم ہے جو

سلیمان نے ہم سے چھپایا پس اللہ نے کہا{وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُوا الشَّيَاطِينُ عَلَى مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَكِنَّ الشَّيَاطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ} [البقرة

سب سے عجیب و غریب خبر کوفہ کے شیعہ اعمش نے دی ہے - تذکرۃ الحفاظ از الذھبی کے مطابق مفسر مجاہد نے تحقیق کی

ذكر محمد بن حميد أخبرنا عبد الله بن عبد القدوس عن الأعمش قال: كان مجاهد لا يسمع بأعجوبة إلا ذهب لينظر إليها. ذهب الى حضرموت ليرى بئر برهوت وذهب الى بابل وعليه وال فقال له مجاهد: تعرض على هاروت وماروت فدعا رجلا من السحرة فقال: اذهب به فقال اليهودي بشرط ألا تدعو الله عندهما قال فذهب به الى قلعة فقطع منها حجرا ثم قال خذ برجلي فهوى به حتى انتهى الى جوبة فإذا هما معلقين منكسين كالجبلين فلما رأيتهما قلت سبحان الله خالقكما فاضطربا فكأن الجبال تدكدكت فغشي علي وعلى اليهودي ثم أفاق قبلي فقال قد أهلكت نفسك وأهلكتني.

الأعمش نے کہا کہ مجاہد عجوبہ بات نہیں سنتے یہاں تک کہ اس کو دیکھتے وہ حضر الموت گئے تاکہ برہوت کا کنواں دیکھیں اور بابل گئےوہاں افسر تھا اس سے کہا مجھ پر ہاروت و ماروت کو پیش کرو پس جادو گروں کو بلایا گیا ان سے کہا کہ وہاں تک لے چلو ایک یہودی نے کہا اس شرط پر کہ وہاں ہاروت و ماروت کے سامنے اللہ کو نہیں پکارو گے – پس وہ وہاں گئے قلعہ تک اس کا پتھر نکالا گیا پھر یہودی نے پیر سے پکڑا اور لے گیا جہاں دو پہاڑوں کی طرح ہاروت و ماروت معلق تھے پس ان کو دیکھا (تو بے ساختہ مجاہد بولے) سبحان اللہ جس نے ان کو خلق کیا – اس پر وہ (فرشتے) ہل گئے اور مجاہد اور یہودی غش کھا گئے پھرجب افاقہ ہوا تو یہودی بولا: تم نے تو اپنے آپ کو اور مجھے مروا ہی دیا تھا

راقم کہتا ہے یہ کیا بکواس ہے ؟ مجاہد یا اعمش نے جھوٹ نہیں بولا ہے بلکہ اس قول کی سند میں رافضی عبد اللہ بن عبد القدوس سخت مجروح ہے

أبو أحمد الحاكم : في حديثه بعض المناكير

أبو أحمد بن عدي الجرجاني : عامة ما يرويه في فضائل أهل البيت

أبو جعفر العقيلي : ليس لحديثه أصل، ولا يعرف إلا به، ومن هو في مثل حاله ومذهبه

أبو حاتم بن حبان البستي : ربما أغرب

أبو دواد السجستاني : ضعيف الحديث، ومرة: يرمي بالرفض

أبو سعيد بن عمرو النقاش : أورد له حديثا وقال: وضعه هو أو أحمد بن عثمان النهرواني

أبو عيسى الترمذي : ثقة

أحمد بن شعيب النسائي : ضعيف، وليس بثقة

ابن حجر العسقلاني : صدوق رمي بالرفض وكان أيضا يخطىء

الدارقطني : ضعيف

الذهبي : كوفي رافضي نزل الري، وكان خشبيا والخشبية قوم من الجهمية، روى عن الأعمش وغيره

سبط ابن العجمي : قال النقاش في الموضوعات له حديث وضعه أحمد أو شيخه عبد الله بن عبد القدوس

محمد بن إسماعيل البخاري : في الأصل صدوق، إلا أنه يروي عن أقوام ضعاف، ومرة: قال: مقارب الحديث، وقال: سمع الأعمش، وعبيدا المكتب سمع منه سعيد بن سليمان

مخلد بن مالك الجمال : لم يكن بشيء، كان يسخر منه، يشبه المجنون، يصيح الصبيان في أثره

مصنفوا تحرير تقريب التهذيب : ضعيف يعتبر به

يحيى بن معين : ليس بشيء، رافضي خبيث، ومرة قال: شيخ كان يقدم الري، لا أعرفه

مملکت سلیمان کے یہ جھوٹے قصے شیعہ اور رافضی راوی کیوں بیان کرتے پھر رہے تھے معلوم نہیں ہے

قرن اول میں اسرائیلیات کا فروغ

جز الخامس

افکار عبد اللہ بن سبا و غیرھم

از

ابو شہر یار

۲۰۲۰

www.islamic-belief.net

فہرست

پیش لفظ 3

تو، تو ہے 11

علی بادل پر..13

شم ہا مفورش – اسم اعظم 21

عقیدہ رجعت کا مصدر...24

راس جالوت کی روایات...32

بسم اللہ الرحمان الرحیم

پیش لفظ

اس جز میں شیعی و رافضی افکار پر بات کی گئی ہے – ان افکار پر یہودی چھاپ اس قدر واضح ہے کہ خود متعدد بار کتب شیعہ میں اس اعتراف کیا گیا ہے کہ فلاں فلاں یہودی کو بلوایا گیا اور اس نے اس بات و عقیدے کی تصدیق کی – کتب اہل تشیع میں ہے کہ ائمہ اہل تشیع وقت پڑنے پر عربی چھوڑ عبرانی میں دعا کرنے لگ جاتے تھے- یہ اقوال ظاہر کرتے ہیں کہ ائمہ سے منسوب بہت سا مواد وہ ہے جو اہل کتاب سے متاثرین کا بیان کردہ ہے

دور عثمان میں یمن کا ایک یہودی بنام عبد اللہ بن سبا آیا اور امراء کے خلاف روایت کرنے لگا – یہ عراق گیا اور وہاں سے مصر چلا گیا جہاں اس کے ساتھ اس کے طرفدار شامل ہوئے - علی کے لشکر میں بہت سے نو مسلم یہودی موجود تھے ، جن کا سر خیل ابن سبا تھا جن کو السبئية یا السَّبَائِيَّةَ کہا جانے لگا – ابن حجر نے لسان المیزان میں لکھا

ومن طريق ابن أبي خيثمة: حدثنا محمد بن عباد , حَدَّثَنا سُفيان، عَن عمار الدهني سمعت أبا الطفيل يقول: رأيت المُسَيَّب بن نجبة أتي به بلببه وعلي على المنبر فقال: ما شأنه؟ فقال: يكذب على الله وعلى رسوله.

ابو طفیل نے کہا میں نے المسيب بن نجبة بن ربيعة بن رياح بن عوف بن هلال بن شمخ بن فرارة الفزاری کو دیکھا جو علی کے پاس آیا اور علی منبر پر تھے- علی نے کہا اس (ابن سبا) کا کیا حال ہے ؟ یہ تو اللہ اور اس کے رسول پر جھوٹ کہتا ہے

حدثنا عَمْرو بن مرزوق حدثنا شُعبة، عَن سلمة بن كهيل عن زيد بن وهب قال: قال علي بن أبي طالب رضي الله عنه: ما لي ولهذا الخبيث الأسود، يعني عبد الله بن سبأ – كان يقع في أبي بكر وعمر.

زید بن وهب نے کہا علی نے کہا میرے اور اس کالے خبیث کے بیچ کیا ہے یعنی عبد اللہ بن سبا – جو ابو بکر اور عمر پر بد کلام کرتا ہے

ومن طريق محمد بن عثمان بن أبي شيبة: حَدَّثَنا محمد بن العلاء , حَدَّثَنا أبو بكر بن عَيَّاش، عَن مجالد عن الشعبي قال: أول من كذب عبد الله بن سبأ.

الشعبي (المتوفی ١٠٠ ھ) نے کہا سب سے پہلا جھوٹا عبد الله بن سبا ہے

وقال أبو يَعلَى الموصلي في مسنده: حَدَّثَنا أبو كريب , حَدَّثَنا محمد بن الحسن الأسدي , حَدَّثَنا هارون بن صالح عن الحارث بن عبد الرحمن، عَن أبي الجلاس سمعت عَلِيًّا يقول لعبد الله بن سبأ: والله ما أفضى إلي بشيء كتمه أحدا من الناس ولقد سمعته يقول: إن بين يدي الساعة ثلاثين كذابا وإنك لأحدهم.

أبي الجلاس نے کہا میں نے علی کو سنا انہوں نے عبد الله بن سبا کا ذکر کیا کہا اللہ کی قسم مجھے کون سی چیز اس طرف لے گئی کہ میں لوگوں سے کچھ چھپاؤں؟ اور میں نے سنا کہ قیامت سے قبل تیس جھوٹے ہیں جن میں سے وہ ایک ہے

وقال أبو إسحاق الفزاري: عن شُعبة، عَن سلمة بن كهيل، عَن أبي الزعراء [ص:485] أو عن زيد بن وهب أن سويد بن غفلة دخل على علي في إمارته فقال: إني مررت بنفر يذكرون أبا بكر وعمر يرون أنك تضمر لهما مثل ذلك منهم عبد الله بن سبأ – وكان عبد الله أول من أظهر ذلك – فقال علي: ما لي ولهذا الخبيث الأسود. ثم قال: معاذ الله أن أضمر لهما إلا الحسن الجميل.

سويد بن غفلة ، علی کے پاس آئے ان کی خلافت میں کہا میں ایک گروہ پر گذرا جو ابو بکر اور عمر کا ذکر کرتے ہیں کہتے ہیں آپ ان دونوں سے (حق) چھپاتے تھے،پس ایسا ہی کہا جیسا ابن سبا کہتا تھا – علی نے کہا مجھے اس کالے خبیث سے کیا سروکار – اللہ کی پناہ کی میں دونوں سے کچھ چھپاؤں سوائے وہ جو جسن وجمال (والی ازواج) ہوں

ان روایات کو ابن حجر نے صحیح اسناد سے نقل کیا ہے اور عبد اللہ بن سبا کا ترجمہ قائم کیا ہے- اس طرح اس کے وجود کا اثبات کیا ہے

قال ابن حبان: كان سبئيا من أصحاب عبد الله بن سبأ، كان يقول: إن عليا يرجع إلى الدنيا

ابن حبان نے کہا سبئیا وہ ہیں جو اصحاب ابن سبا ہیں اور کہا کرتے کہ علی دنیا میں پلٹیں گے

تفسیر عبد الرزاق میں ہے

قَالَ مَعْمَرٌ: وَكَانَ قَتَادَةُ إِذَا قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: {فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ} [آل عمران: 7] قَالَ: إِنْ لَمْ تَكُنِ الْحَرُورِيَّةُ أَوِ السَّبَئِيَّةُ , فَلَا أَدْرِي مَنْ هُمْ

معمر نے کہا قتادہ (المتوفي ١١٨ ھ) تلاوت کرتے وہ {فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ} [آل عمران: 7] (جن کے دل ٹیڑھے ہیں ال عمران) – کہتے اگر یہ خوارج اور سبائی نہیں تو معلوم نہیں اور کون ہیں

تفسیر طبری میں بھی قتادہ کا قول ہے

حدثنا الحسن بن يحيى قال، أخبرنا عبد الرزاق قال، أخبرنا معمر، عن قتادة في قوله:"فأما الذين في قُلوبهم زَيغٌ فيتبعون ما تشابه منه ابتغاءَ الفتنة"، وكان قتادة إذا قرأ هذه الآية:"فأما الذين في قلوبهم زيغ" قال: إن لم يكونوا الحرُوريّة والسبائية

تفسیر ابن المنذر میں ہے

وتتأول السبئية إذ يقولون فِيهِ بغير الحق إِنَّمَا يقولون قول الله عَزَّ وَجَلَّ: وَأَقْسَمُوا بِاللهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لا يَبْعَثُ اللهُ مَنْ يَمُوتُ، فيجعلونها فيمن يخاصمهم من أمة محمد صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بعث الموتى قبل يَوْم الْقِيَامَةِ

السبئية نے بلا حق اس آیت کی تاویل کی کہ اللہ کا قول ہے وَأَقْسَمُوا بِاللهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لا يَبْعَثُ اللهُ مَنْ يَمُوتُ، پس اس سے انہوں نے امت محمد کو لڑوایا کہ قیامت سے قبل مردوں کو زندہ کیا جائے گا

طبری تفسیر میں کہتے ہیں

وَاللَّهِ إِنَّ الْيَهُودَ لَبِدْعَةٌ، وَإِنَّ النَّصْرَانِيَّةَ لَبِدْعَةٌ، وَإِنَّ الْحَرُورِيَّةَ لَبِدْعَةٌ، وَإِنَّ السَّبَئِيَّةَ لَبِدْعَةٌ،

یہود (دین حق میں) بدعت ہیں، نصرانی بدعت ہیں، خوارج بدعت ہیں اور السَّبَئِيَّةَ بدعت ہیں

امام بخاری تاریخ الکبیر 5 / 187 کہتے ہیں

قَالَ البُخَارِيُّ ، قَالَ عَلِيٌّ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا الزُهْرِيُّ، قَالَ: كَانَ الحَسَنُ أَوْثَقَهُمَا، وَكَانَ عَبْدُ اللهِ يَتْبَعِ السَّبَائِيَّةَ

امام زہری نے کہا … عَبْدُ اللهِ بنُ مُحَمَّدِ ابْنِ الحَنَفِيَّةِ الهَاشِمِيُّ السَّبَائِيَّةَ کے پیچھے چلتا تھا

الکامل از ابن عدی میں ہے

حَدَّثَنَا السَّاجِيُّ، حَدَّثَنا ابْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنا أَبُو معاوية، قَال: قَال الأَعْمَش اتق هذه السبئية فإني أدركت الناس وإنما يسمونهم الكذابين

أَبُو معاوية نے کہا الأَعْمَش نے کہا السبئية سے بچو کیونکہ میں لوگوں سے ملا وہ ان کو کذاب نام دیتے ہیں

اسی کتاب میں ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے

حَدَّثَنَا السَّاجِيُّ، حَدَّثَنا ابْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنا عثمان بن الهيثم، حَدَّثَنا عَبد الْوَهَّابِ بْنُ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَال: إذا كثرت القدرية بالبصرة استكفت أهلها، وَإذا كثرت السبئية بالكوفة استكفت أهلها.

کوفہ میں السبئية کی کثرت ہوئی یہاں تک کہ انہوں نے وہاں کے رہنے والوں کو گھیر لیا

تاریخ ابن ابی خیثمہ میں ہے

حَدَّثنا هَارُون بْنُ مَعْرُوف، قَالَ: حَدَّثنا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثنا الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي حَسَنُ وعَبْدُ اللَّهِ ابْنَا مُحَمَّدٍ وكانَ حَسَنٌ أَرْضَاهُمَا وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَتَّبعُ حَدِيثَ السَّبَئِيَّةِ.

امام زہری نے کہا ... عَبْدُ اللهِ بنُ مُحَمَّدِ ابْنِ الحَنَفِيَّةِ الهَاشِمِيُّ السَّبَائِيَّةَ کے پیچھے چلتا تھا

تہذیب الکمال از المزی میں عبد اللہ بن محمد بن عقیل کے ترجمہ میں اسی قول میں ہے

قال: وكَانَ عَبد اللَّهِ يتبع – وفي رواية: يجمع – أحاديث السبئية وهم صنف من الروافض.

یہ (عَبْدُ اللهِ بنُ مُحَمَّدِ ابْنِ الحَنَفِيَّةِ) السبئية کی احادیث جمع کرتا جو روافض میں سے ایک صنف ہے

امام احمد نے ابن سبا کا ذکر کیا

